★ ABC CERTIFIED ★

Member
APNS

روزنامہ
تعمیر وطن
کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27 ...... شمارہ نمبر 292 بروز پیر 20 جولائی 2026ء 4 صفر 1448ھ ...... قیمت 7 روپے (صفحات 8) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان...... ایڈیٹر: ایم ایس خان

کوئٹہ میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے تاہم کوئی جانی و مالی نقصان نہیں ہوا گزشتہ شب کوئٹہ میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے زلزلہ پیماں مرکز کے مطابق ریکٹر اسکیل پر زلزلے کی شدت 4 ریکارڈ کی گئی اور زلزلے کی گہرائی 15 کلومیٹر جبکہ مرکز کوئٹہ سے 37 کلومیٹر شمال مشرق میں تھا۔

جھل مگسی میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

جھل مگسی (آن لائن) پولیس تھانہ گنداواہ کے حدود سید فارم میں فائرنگ کا واقعہ پیش آیا مسلح افراد نے فائرنگ کے نتیجے میں پھوٹا خان اخوندانی لاشاری کو جاں بحق مقتول گنداواہ سے موٹر سائیکل پر گھر جا رہا تھا واقعہ کے بعد ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے گنداواہ پولیس لاش کو پولیس نے ضروری کارروائی کیلئے ڈی ایچ کیو اسپتال گنداواہ منتقل کیا قتل کی وجہ پرانی دشمنی کا شاخسانہ بتایا جا رہا ہے۔

چین کی معروف کمپنی ہواہوائی ہیلتھ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کی وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال سے ملاقات

اسلام آباد (آن لائن) چین کی معروف کمپنی ہواہوائی ہیلتھ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کی وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال سے ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں ممتاز ہیپاٹولوجسٹ پروفیسر ڈاکٹر سعید ایس حامد، کلینیکل ریسرچ کے ماہر سید منور علی (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

مسلم لیگ (ن) خدمت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے، پاکستان ترقی کی راہ پر گامزن ہے: عطاء اللہ تارڑ

لاہور (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) خدمت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے اور جماعت کی خواتین رہنماؤں سمیت ہر کارکن نے ہمیشہ عوامی خدمت اور ملکی ترقی کو اپنی ترجیح بنایا ہے۔ لاہور میں ایک تقریب سے خطاب (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

جنوبی ایشیا میں مستقل امن کیلئے مسئلہ کشمیر کا کشمیریوں کی امنگوں کے مطابق حل ناگزیر ہے، محسن نقوی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے یوم الحاق پاکستان پر کشمیریوں کو زبردست خراج تحسین اور آزادی کی شمع کو روشن رکھنے والے تمام کشمیری شہداء اور حریت رہنماؤں کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ جنوبی ایشیا میں مستقل امن کیلئے مسئلہ (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

جنوبی پشتونخوا کے عوام جس میں پشتون، ہزارہ، پنجابی جو بھی رہتے ہیں ان سب کا ایک مشترکہ جرگہ آنیوالے اگست کے مہینے میں ضروری ہے، اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی کا خطاب

پشتون قوم کی زمینیں جس کو بھی الاٹ کی گئی جب تک واپس نہیں ہوتے ہمارے جرگے جاری رہینگے

محمود خان اچکزئی

سانحہ زیارت کے پولیس شہدا کے لواحقین نے انتہائی جراءت، استقامت کا مظاہرہ کرتے ہوئے انتہائی منظم انداز سے اپنا پرامن احتجاج ریکارڈ کرایا ہم انہیں سلام اور شہدا کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے کہا کہ ہے کہ سانحہ زیارت کے پولیس شہدا کے لواحقین نے انتہائی جراءت، استقامت کا مظاہرہ کرتے ہوئے انتہائی منظم انداز سے اپنا پرامن احتجاج ریکارڈ کرایا ہم انہیں سلام اور شہدا کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ لیکن بدقسمتی سے واقعہ کے کسی بھی ذمہ داروں نے استعفیٰ نہیں دیا، آج بھی یہ سوال گردش ہے کہ کس کے کہنے پر ان تمام اہلکاروں کو اکٹھا کیا گیا اور امداد مانگنے کے باوجود بروقت اسلحہ و مدد کیوں فراہم نہیں کی گئی۔ کہا جاتا ہے کہ ہم نے کارروائی کی اور درجنوں افراد کو مارا یہاں تو کسی کی بھی نعش نظر نہیں آئی نہ آپ نے واقعہ کے ملوث ملزمان کو کیفر (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

بانی اور ان کی فیملی پاکستان مخالف بیان کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے، وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری، طلال چوہدری و دیگر کی میڈیا سے بات چیت

پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کرنے والوں کے خلاف ایکشن ہوگا، نورین نیازی کے بیان پر قانونی کارروائی شروع کر دی گئی ہے پی ٹی آئی نے پاکستان کو ڈیفالٹ کرنے کیلئے جتن کیے

نورین نیازی کا بیان قابل مذمت، یہ پاکستان مخالف پراکسیز ہیں

وفاقی وزراء

پی ٹی آئی نے پاکستان کو ڈیفالٹ کرنے کیلئے جتن کیے، یہ لابی پاکستان کی معیشت پر بھی حملہ آور ہوئی نورین نیازی کے بیان پر افسوس ہوا، یہ پاکستان کی سالمیت، عزت اور وقار کے خلاف ہے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزراء طارق فضل چوہدری اور طلال چوہدری نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ نورین نیازی کا بیان قابل مذمت اور افسوسناک ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ معرکہ حق ایک تاریخی کامیابی ہے، نورین نیازی کا بیان قابل مذمت اور افسوسناک ہے، بانی اور ان کی فیملی پاکستان مخالف بیان کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے۔ وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ نورین نیازی کے (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

گلگت، وزیراعظم کی ہدایت پر، چیئرمین این ڈی ایم اے، جی بی ڈی ایم اے ٹیم کے ہمراہ مانسون کی تیاریوں کے زمینی منصوبے کا جائزہ لے رہے ہیں

یہ الیکشن کشمیر کاز کے ساتھ محبت اور کشمیریوں کی حفاظت کا الیکشن ہے، خواجہ آصف

کشمیری مہاجرین کی قدر و قیمت بہت زیادہ ہے اور ہمیں ان جانوں کے نذرانوں سے آزادی ملی

سیالکوٹ (آن لائن) وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا ہے کہ کشمیری مہاجرین کی قدر و قیمت بہت زیادہ ہے اور ہمیں ان جانوں کے نذرانوں سے آزادی ملی جنہوں نے خون بہایا۔ ایل اے 36 جموں 3 میں کارکنوں سے خطاب میں خواجہ آصف نے کہا کہ آزاد کشمیر کے بہت الیکشن دیکھے ہیں، مگر جس پس منظر میں یہ الیکشن ہو رہے ہیں پہلے ایسے نہیں ہوئے (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

قائد ن لیگ نواز شریف کی گلیات میں بڑی بیٹھک، سیاسی سرگرمیاں تیز

مری (آن لائن) گلیات میں شریف خاندان کی اہم شخصیات کی موجودگی کے باعث سیاسی سرگرمیوں میں تیزی آ گئی ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف مری ایکسپریس وے کے ذریعے چھانگلہ گلی پہنچیں، جبکہ وزیر اعظم محمد (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

اسحاق ڈار اور وینزویلا کے وزیر خارجہ کا ٹیلی فونک رابطہ

تجارت، سرمایہ کاری، زراعت، آئی ٹی اور کاروباری تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور وینزویلا کے وزیر خارجہ فیلکس پلاسینسیا نے دوطرفہ تعلقات مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے تجارت، سرمایہ کاری، زراعت، آئی ٹی اور کاروباری تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کا وینزویلا کے وزیر خارجہ فیلکس پلاسینسیا سے ٹیلیفونک رابطہ ہوا۔ دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کرتے (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

کھڈ کوچہ کے قریب نامعلوم مسلح افراد کی محکمہ تعلیم بلوچستان کی بس پر فائرنگ سے 4 افراد زخمی

کوئٹہ (آن لائن) مستونگ کے علاقے کھڈ کوچہ کے قریب نامعلوم مسلح افراد کے محکمہ تعلیم بلوچستان کی بس پر فائرنگ سے 4 افراد زخمی ہو گئے جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا ذرائع کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ سے پنجگور جانے والی محکمہ تعلیم کی بس پر کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر مستونگ کے علا (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

ایران کی عبوری معاہدے سے دستبرداری کی ذرا بھی پروا نہیں، ٹرمپ

جنگ کا بنیادی مقصد ایران کو کبھی بھی جوہری ہتھیار حاصل نہ کرنے دینا ہے

ایران کی جانب سے اردن میں بیلسٹک میزائل حملوں میں امریکی فوج کے 2 اہلکار ہلاک ہو گئے تھے

واشنگٹن (آن لائن) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ انہیں ایران کے عبوری معاہدے سے دستبرداری کی ذرا بھی پروا نہیں۔ قطری نشریاتی ادارے کے مطابق امریکی صدر نے امریکی کیبل نیوز نیٹ ورک نیوز نیشن کو ایک مختصر ٹیلی فونک انٹرویو دیا، جب ان سے تہران کے اس اعلان کے بارے میں پوچھا گیا کہ وہ گزشتہ ماہ امر (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

کوئٹہ، جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر لیاقت بلوچ صوبائی شوریٰ کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

حکمرانوں نے اپنے ہوس اقتدار میں ملک کی پارلیمنٹ سمیت جمہوریت کو کمزور کر کے اسٹیبلشمنٹ کو طاقتور بنایا، سربراہ جمعیت علمائے اسلام

شہدا کی اہمیت مجھ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا ہے، مولانا فضل الرحمن

ہم نے ملک کے ساتھ وفاداری کو حلف اٹھایا ہے اور آئین اور قانون کے دائرے میں اپنے نظریے اور موقف کے پرچار کا قانونی حق رکھتے ہیں

ہم نے بھی اپنے اکابرین اور کارکنوں کی قربانیاں دی، مجھ سے معافی کا مطالبہ کرنے والے اس مذموم پراپیگنڈے پر مجھ سمیت تمام شہدا اور عوام سے معافی مانگیں

اسلام آباد (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ ہم نے ملک کے ساتھ وفاداری کو حلف اٹھایا ہے اور آئین اور قانون کے دائرے میں اپنے نظریے اور موقف کے پرچار کا قانونی حق رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکمرانوں نے اپنے ہوس اقتدار میں اس ملک کی پارلیمنٹ سمیت جمہوریت کو کمزور کر کے اسٹیبلشمنٹ کو طاقتور بنایا ہے، انہوں نے کہا کہ شہدا کی اہمیت مجھ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا ہے کیونکہ ہم نے بھی اپنے اکابرین اور کارکنوں کی قربانیاں دی ہیں، انہوں نے کہا کہ مجھ سے معافی کا مطالبہ کرنے والے اس مذموم (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

ژیانگ: وفاقی وزیر مصدق ملک پانچویں چائنہ ٹرانگ ٹرانس ہمالیہ فورم برائے بین الاقوامی تعاون سے خطاب کر رہے ہیں

وزیراعظم کا نوجوان اسکالرز کو قومی ترقی میں شریک کرنا دور اندیش قیادت کا مظہر ہے، رکن قومی اسمبلی

بیرون ملک مقیم پاکستانی طلبہ ملک کے حقیقی سفیر ہیں، جمال شاہ کاکڑ

حکومت کی تمام اصلاحات کا محور بھی نوجوانوں کو بہتر مواقع، جدید تعلیم، تحقیق، جدت اور روزگار کی فراہمی ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کی جانب سے "اڑان اووریز پاکستان سمر اسکالرز پروگرام" کے تحت دنیا کی ممتاز جامعات میں زیر تعلیم پاکستانی طلبہ و طالبات (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی انسداد پولیو مہم کی کارکردگی کے سلسلے میں ایوننگ ریویو میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

صحت کی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، قیصر شیخ

دیہی علاقوں میں طبی سہولیات کی کمی ایک بڑا چیلنج ہے، وفاقی وزیر سرمایہ کاری

چنیوٹ (آن لائن) وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری قیصر احمد شیخ نے چک نمبر 146 ج ب بھکوکی جھوک میں منعقدہ فری میڈیکل کیمپ کا دورہ کیا، مریضوں کی عیادت کی، طبی سہولیات کا جائزہ لیا اور ڈاکٹرز و طبی عملے کی خدمات کو سراہا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کی سمر کیمپ کے طلبہ کے ساتھ خصوصی نشست

اسلام آباد (آن لائن) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے سمر کیمپ 2026 میں شریک طلبہ کے ساتھ خصوصی نشست کی، جس میں قومی سلامتی، (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

محمود خان اچکزئی سے سردار اختر جان مینگل کی ملاقات

مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، اس موقع پر دیگر رہنما بھی موجود تھے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر ملی مشر محمود خان اچکزئی سے بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل نے ملاقات کی۔ ملاقات میں مختلف امور پر تبادلہ خیا (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

کوئٹہ، پٹ فیڈر بارودی سرنگ پھٹنے سے ایک لڑکا جاں بحق

کوئٹہ (آن لائن) پٹ فیڈر کے علاقے میں بارودی سرنگ پھٹنے سے ایک لڑکا جاں بحق ہو گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق گزشتہ (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

پاکستان ہے تو سب کچھ قائم ہے، جبکہ پاکستان کو بدنام کرنے کی ہر کوشش ناکام ہوگی، عطاء اللہ تارڑ

نورین نیازی کے بیانات بھارتی میڈیا کی زینت بنے، پاکستان کو بدنام کرنے کی کوشش کامیاب نہیں ہوگی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی بہن نورین نیازی نے اپنے بھائی کی سیاست کے حق میں ایسے بیانات دیے جو بھارتی میڈیا کی زینت (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

بین الاقوامی شپنگ لائنز کو سہولیات فراہم کرنے اور علاقائی تجارت کے تسلسل کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے

علاقائی کشیدگی کے باوجود گوادر پورٹ پر تجارتی سرگرمیاں جاری، نیا ٹرانس شپمنٹ جہاز لنگرانداز

گوادر پورٹ پر ٹرانس شپمنٹ کارگو کی کامیاب ہینڈلنگ بندرگاہ کی بڑھتی ہوئی آپریشنل صلاحیت اور بین الاقوامی اعتماد کی عکاسی کرتی ہے

گوادر (آن لائن) علاقائی بحری صورتحال اور جاری کشیدگی کے باوجود گوادر پورٹ پر تجارتی سرگرمیاں جاری ہیں، جہاں ایک اور ٹرانس شپمنٹ جہاز نے بندرگاہ پر لنگر انداز ہو کر کارگو کی ہینڈلنگ شروع کر دی۔ تفصیلات کے مطابق 18 جولائی کو بنگلہ دیشی پرچم بردار جہاز M/V JAHAN BROTHERS II گوادر پورٹ پر لنگرانداز ہوا۔ جہاز سنگاپور سے گوادر پہنچا ہے اور اس پر 53,064.660 (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

پاکستان ریلوے اصلاحات اور جدیدیت کی علامت بن رہی ہے، حنیف عباسی

شہباز شریف کی قیادت اور وزیراعلیٰ پنجاب کے تعاون سے ریلوے میں اصلاحات تیز کر دی گئیں

لاہور (آن لائن) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کی بصیرت افروز قیادت میں پاکستان ریلوے اصلاحات، جدیدیت اور بہتر سر (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

جعفر خان مندوخیل کا سابق وفاقی وزیر زبیدہ جلال کے شوہر میر چنگیز خان کرد کی وفات پر افسوس کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے سابق وفاقی وزیر محترمہ زبیدہ جلال کے شوہر میر چنگیز خان کرد کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

آزاد کشمیر الیکشن، مری پیپلز پارٹی کی انتخابی سرگرمیاں، ن لیگ سے تیز

عوامی رابطہ مہم میں جیالے متحرک، گورنر پنجاب کی جلسے میں شرکت متوقع

مری (آن لائن) آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے سلسلے میں سیاسی سرگرمیوں میں تیزی آ گئی ہے، پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنان مختلف علاقوں میں عوامی رابطہ مہم میں ن لیگ پر سبقت حاصل کیے ہوئے ہیں جبکہ راشد اسلام بٹ کی انتخابی مہم کے لیے تنظیمی سرگرمیوں کو مزید وسعت دی جا رہی ہے، ذرائع کے مطابق مری شہر، بانسرہ گلی، کشمیر پوائنٹ اور دیگر علاقوں میں پیپلز پارٹی کے کارکنان انتخابی مہم میں سرگرم دکھائی دے رہے ہیں، پارٹی رہنماؤں کا کہنا ہے کہ کارکنان گھر گھر رابطوں اور کارنر میٹنگز کے ذریعے ووٹرز تک اپنا پیغام پہنچا (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

قلعہ عبداللہ، فائرنگ کے نتیجے میں ایک شخص ہلاک اور 3 زخمی

کوئٹہ (آن لائن) قلعہ عبداللہ کے علاقے میں فائرنگ کے نتیجے میں ایک شخص ہلاک اور 3 زخمی ہو گئے تفصیلات کے (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

بلوچستان پولیس میں تقرر و تبادلے

کوئٹہ (آن لائن) سینٹرل پولیس آفس بلوچستان کے جاری کردہ اعلامیہ (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

ایف سی بلوچستان (ساتھ) کی کارروائی، 76 غیر قانونی افغان باشندے گرفتار، افغانستان واپس بے دخل

دالبندین (آن لائن) ایف سی بلوچستان (ساتھ) نے ضلع چاغی کے سرحدی علاقوں دالبندین، تفتان اور ماشکیل میں کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے انسانی اسمگلنگ کی (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

بڑا شکوہ ہے کہ افغان سرزمین پاکستان کیخلاف استعمال ہو رہی ہے، حافظ نعیم الرحمن

افغانستان کے درمیان معاملات کو نارمل کرنے کیلئے چین حتیٰ کہ روس بھی اپنا کردار ادا کر رہا ہے

کراچی (آن لائن) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے افغانستان کی عبوری حکومت سے شکوے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ افغان طالبان سے بہت بڑا شکوہ ہے کہ آپ کی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال ہو رہی ہے اور آپ اسے روک نہیں پا رہے۔ ایک انٹرویو میں امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ ریاست پاکستان اور علما کے ذریعے بات چیت کی جائے، بین الاقوامی سطح پر بھی علما کی تنظیم موجود ہے وہ بھی اس میں اپنا کردار ادا کر سکتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان معاملات کو نارمل کرنے کے لیے چین حتیٰ کہ روس (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

لاہور: وفاقی وزیر احسن اقبال تیسرے آئی ٹی فری لانسنگ ایوارڈز کی تقریب میں شریک ہیں

51 بنیادی اشیائے ضروریہ میں سے 27 اشیا کی قیمتوں میں اضافہ اس بات کا ثبوت ہے کہ مہنگائی کا دباؤ اب بھی وسیع پیمانے پر برقرار ہے

موجودہ معاشی حالات میں عوامی ریلیف کو حکومتی اولین ترجیح ہونا چاہیے، سینیٹر محمد عبدالقادر

ملک میں 13.09 فیصد مہنگائی، 51 میں سے 27 اشیائے ضروریہ مہنگی، عوام نئی مہنگائی کی لہر کی زد میں، حکومت فوری اقدامات کرے

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ ملک میں مہنگائی کا دباؤ بدستور برقرار ہے اور نئے مالی سال کے آغاز کے ساتھ ہی عوام کو مہنگائی کی ایک نئی لہر کا سامنا ہے، جس کے باعث متوسط اور کم آمدنی والے طبقے کی مشکلات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ اعداد و شمار کے مطابق ایک ہفتے کے دوران مہنگائی کی شرح میں 1.40 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

حکومت بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل کے حل اور ترقی کیلئے پرعزم ہے، اسحاق ڈار

بلوچستان کے باغیوں کو عوام کی حمایت یا اخلاقی جواز حاصل نہیں، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کی گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے نیشنل پارٹی کے صدر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور پارٹی کے پارلیمانی ارکان کی ملاقات ہوئی۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ وفاقی حکومت بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل کے حل اور ترقی کے لیے پرعزم ہے، بلوچستان کے عوام کی جائز معاشی ترقی اور خوشحالی آئین کے دائرے میں یقینی بنائی جائے گی۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے باغیوں کو عوام کی حمایت یا اخلاقی جواز حاصل نہیں، نیشنل پارٹی بلوچستان کے عوام کی بہتری اور فلاح کے لیے سب کے ساتھ مل کر کام کرنے کو تیار ہے۔ ملاقات میں رانا ثناء اللہ اور معاون خصوصی طارق باجوہ بھی شریک تھے۔

ازبکستان نے پاکستان تک رسائی کیلئے افغانستان کو بائی پاس کرتے ہوئے نئے تجارتی کوریڈورز کا استعمال شروع کر دیا

تاشقند (آن لائن) ازبکستان نے پاکستان تک رسائی کیلئے افغانستان کو بائی پاس کرتے ہوئے نئے تجارتی کوریڈورز کا استعمال شروع کر دیا ہے اور آذربائیجان کے میڈیا ادارے کیلیبر پوسٹ کے مطابق نئے کوریڈورز نے وسطی ایشیا کو پاکستانی بندرگاہوں اور عالمی منڈیوں تک اضافی تجارتی راستہ فراہم کر دیا ہے۔ جس کے (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

کشمیر اور پاکستان کا تعلق عوامی خواہشات کا آئینہ دار ہے، طارق فضل چوہدری

پاکستان اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق مسئلہ کشمیر کے منصفانہ اور پائیدار حل کا حامی ہے

یوم الحاق پاکستان پر کشمیری بھائیوں اور بہنوں کی لازوال قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق مسئلہ کشمیر کے منصفانہ اور پائیدار حل کا حامی ہے، یوم الحاق پاکستان پر کشمیری بھائیوں اور بہنوں کی لازوال قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ یوم الحاق پاکستان پر پیغام میں وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ 19 جولا (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

پانی کی کمی سے ہمارا پورا علاقہ شدید متاثر ہو رہے ہیں، میر صادق عمرانی

سندھ حکومت محکمہ آبپاشی 1971 کے معاہدے کے مطابق بلوچستان کے حصے کا پانی فراہم کرے، صوبائی وزیر آبپاشی

وفد کے دورے کا مقصد پٹ فیڈر کینال اور کھیرتھر کینال میں حالیہ پانی کی کمی پر حکومت سندھ کے متعلقہ حکام سے بات چیت کرنا تھا

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر و وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی خصوصی دلچسپی اور ہدایت پر بلوچستان کے گرین بیلٹ پٹ فیڈر کینال اور کھیرتھر کینال میں پانی کی کمی دور کرنے کے لیے ایک اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ گزشتہ روز سکھر کا دورہ کیا۔ وفد میں صوبائی وزرا میر محمد سلیم کھوسہ، میر محمد خان لہڑی اور سیکرٹری آبپاشی سہیل الرحمان بلوچ شامل تھے۔ وفد کے دورے کا مقصد پٹ فیڈر کینال او (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

پشتون اولس قومی جرگے کے تحت کوئٹہ میں بڑا قومی جرگہ منعقد کرینگے، نواب ایاز جوگیزئی

اس قوم کو درپیش اذیت ناک صورتحال سے نجات دلانے کیلئے ایک دوسرے کے ساتھ ہوں گے، احتجاجی دھرنے سے خطاب

وطنوں میں عوام پر تکالیف آتی ہیں، جب تک ہم ایک صف میں کھڑے نہیں ہوتے تب تک ظالم، جابر قوتوں کا مقابلہ کرنا ممکن نہیں

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز خان جوگیزئی نے گزشتہ روز زیارت سانحہ کے خلاف احتجاجی دھرنے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جب تک سیاسی پارٹیاں اپنی سیاسی پروگراموں، آئین و منشور کو موجودہ حالات میں کچھ وقت کے لیے ملتوی کرے ایک صف میں کھڑے نہیں ہوتے تب تک ظالم، جابر قوتوں کا مقابلہ کرنا ممکن نہیں۔ وطنوں میں عوام پر تکالیف آتی ہیں (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

• ABC CERTIFIED •
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

بلوچستان کے مسائل

بلوچستان کی سیاسی صورتحال اور حکومت میں ممکنہ تبدیلیوں سے متعلق جاری قیاس آرائیوں کے درمیان نیشنل پارٹی کے صدر اور سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے اسلام آباد میں اپنی سیاسی سرگرمیاں مزید تیز کردی ہیں۔ حالیہ دنوں میں انہوں نے وزیراعظم میاں شہباز شریف، جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان، عوام پاکستان پارٹی کے سربراہ سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی سے ملاقاتوں کے بعد آج نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے بھی اہم ملاقات کی، جس سے بلوچستان کی سیاسی صورتحال پر نئی بحث شروع ہوگئی ہے۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کی قیادت میں نیشنل پارٹی کے پارلیمانی وفد نے ملاقات کی، جس میں بلوچستان کی مجموعی سیاسی، معاشی اور ترقیاتی صورتحال، امن وامان اور عوام کو درپیش مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران اسحاق ڈار نے کہا کہ وفاقی حکومت بلوچستان کے عوام کے مسائل کے حل، صوبے کی پائیدار ترقی اور خوشحالی کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین پاکستان کے دائرہ کار میں رہتے ہوئے بلوچستان کی معاشی ترقی، عوامی فلاح اور ترقیاتی منصوبوں کو آگے بڑھایا جائے گا، جبکہ وفاق صوبے کی ترقی کے لیے ہرممکن تعاون جاری رکھے گا۔ اس موقع پر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ نیشنل پارٹی بلوچستان میں پائیدار امن، سیاسی استحکام، عوامی فلاح و بہبود اور ترقی کے لیے تمام جمہوری سیاسی قوتوں کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں سرگرم شورش پسند عناصر کو نہ عوامی حمایت حاصل ہے اور نہ ہی ان کے اقدامات کا کوئی اخلاقی جواز موجود ہے، اس لیے مسائل کا حل سیاسی مکالمے، جمہوری عمل اور عوامی اعتماد کی بحالی میں مضمر ہے۔ ملاقات میں بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال، سیاسی استحکام، ترقیاتی منصوبوں، عوامی مسائل کے حل اور وفاق و صوبے کے درمیان تعاون کے فروغ سمیت مختلف امور پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر رانا ثنا اللہ خان اور وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق باجوہ بھی موجود تھے۔ واضح رہے کہ گزشتہ چند روز کے دوران ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کی وزیراعظم شہباز شریف، مولانا فضل الرحمان، شاہد خاقان عباسی اور اسحاق ڈار سے مسلسل ملاقاتوں نے بلوچستان کی مستقبل کی سیاسی صورتحال، ممکنہ سیاسی مفاہمت اور حکومت میں ممکنہ تبدیلیوں کے حوالے سے مختلف حلقوں میں قیاس آرائیوں کو مزید تقویت دی ہے، تاہم ان ملاقاتوں کے حوالے سے کسی بھی سیاسی تبدیلی یا حکومتی فیصلے کی باضابطہ تصدیق سامنے نہیں آئی ہے۔

بقیہ 01

کردار تک پہنچایا ہے۔ اس طرح کے واقعات اس سے پہلے بھی ماضی میں ہو چکے ہیں، جس وقت سوات، وزیرستان، پشتونخوا وطن کے عوام مسعود، وزیر قبائل کو بیدخل کر رہے تھے انہیں آئی ڈی پیز بنایا آج بھی وہ وہی پڑے ہیں۔ آبادی کے لحاظ سے جنوبی پشتونخوا کے عوام کم ہیں اور یہاں بھی شاید ان کا یہی پروگرام ہے اور ہماری نقل مکانی، بیدخلی شاید اس لیے ان کے لیے آسان ہے کہ ہمارے دیہاتوں میں چالیس کے قریب گھرانے بھی کم ہوں گے۔ سرفراز بگٹی کی حکومت گئی ہے کہ یہ دھرنا ختم ہوجائے تو یہ قصہ ختم ہوگا اور دھرنا کمیٹی ان کے ساتھ مذاکرات کے شہدا کے سپرد خاک کردینگے لیکن ہم نے فیصلہ کرنا ہوگا کہ سرفراز بگٹی اور وہ لوگ جنہوں نے ان لوگوں کو پال رکھا ہے ہم انہیں کہتے ہیں کہ یہ تو ابتداء ہے ان شہدا کو ہم سپرد خاک کرینگے، نماز جنازہ بھی پڑھ لینگے لیکن ہم نے یہ حلف لینا ہوگا کہ ہم نے ان دھرنوں، جرگوں کو کسی نہ کسی شکل میں جاری رکھنے ہوں گے۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ اس صوبے اور کوئٹہ میں بازئی، یاسین زئی، کاسی پشتونوں کی زمینوں کو مختلف افراد و اشخاص کو 30 سے 40 ہزار ایکڑ الاٹ کیئے گئے ہیں۔ یہ دھرنا سرفراز بگٹی آپ سے مطالبہ کرتا ہے کہ پشتون قوم کی زمینیں جس کو بھی الاٹ کی گئی ہے جب تک واپس نہیں ہوتے ہمارے جرگے جاری رہینگے۔ ہمارے وسائل پر قبضہ کیا جارہا ہے۔ قلعہ سیف اللہ، قلعہ عبداللہ، برشور، پشین، زیارت مختلف اضلاع وعلاقوں میں لاکھوں ایکڑ زمینیں الاٹ کی گئی ہے۔ جنوبی پشتونخوا کے عوام جس میں پشتون، ہزارہ، پنجابی جو بھی رہتے ہیں ان سب کا ایک مشترکہ جرگہ آنیوالے اگست کے مہینے میں ضروری ہے۔ تین روزہ جرگہ اور اس میں اپنے قوم کے زعماء، علماء کرام سے کہہ دیں گے کہ ہمارے ساتھ اپنی رائے شریک کریں۔ قوم کے منتخب کردہ جرگہ کے نمائندگان حکومت اور اگر ضروری ہوئی تو وفاق سے بھی بات کرینگے۔ اور پھر اس دوران تمام پشتونوں کے جرگہ کے لیے پشاور میں بھی ایک جگہ متعین کرینگے جس میں تمام پشتونخوا وطن کے عوام کا ایک اور جرگہ ہوں جرگے کے تسلسل میں منعقد کرینگے اور پھر یہ جرگہ قوم کی نمائندگی کی حیثیت سے وفاق سے مذاکرات کریگی اور اپنے صفوں کو منظم کریگی اور اس کے لیے آج سے تیاری شروع کرنی ہوگی۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ یہاں لوگ تاریخ سے ناواقف ہیں، پشتونوں نے اپنے وطن کو خون کی ندیوں اور اپنے سروں کے نذرانوں سے سنبھال رکھا ہے اور اس کا دفاع کیا ہے، کندھار پشتون حکمرانی اور قومی اتفاق کا مرکز رہا ہے۔ ہمارے بچوں کے خون بہانے سے اس قوم کو خوفزدہ نہیں کیا جاسکتا، آج بھی ہم سربلند اپنے تاریخی زمین پر آباد ہیں۔ آج ایک مرتبہ پھر تاریخی پڑاؤ آ پہنچا ہے۔ ہمیں کسی سے آزادی کی قیمت اور وفاداری کی سرٹیفکیٹ کی ضرورت نہیں۔ ہم یہ دعویٰ کرسکتے ہیں ہندوستان کی اس آزادی میں پشتون افغان قوم نے جو قربانی دیں اس نتیجے میں یہ آزادی ممکن ہوئی اور کسی نے بھی اتنی قربانی نہیں دی۔ آزادی کے لیے تمام پشتونخوا وطن کے عوام نے جدوجہد وقربانی کیں اور اس کے نتیجے میں پاکستان بنا۔ پاکستان کو ہم اپنا ملک سمجھتے ہیں، اگر آزادی کا مطلب یہ ہے کہ ہمیں بجلی، سڑکیں، تعلیم، صحت، انصاف دیں تو یہ تو ہمیں فرنگی انگریزوں نے پہلے ہی دے رکھا تھا کوئی بھی یہاں کسی بھی علاقے میں ظلم جبر نہیں کرسکتا تھا، بہترین کالجز، پولیس، عدالتی نظام ہمیں فرنگیوں نے دیا تو پھر ہم نے کیوں انہیں مجبور کیا کہ وہ یہاں سے چلے جائیں وہ تو موجودہ حکمرانوں سے بہتر انصاف کرنیوالا تھا۔ آزادی کا مطلب یہ ہے کہ ہم یہاں پاکستان کی حکمرانی میں پشتونخوا وطن میں پشتونوں کی حکمرانی پشتون سرزمین وسائل پر ان کے بچوں کا واک واختیار چاہتے ہیں اسی طرح بلوچ وطن پر بلوچ بچوں، سندھ کے وطن پر سندھی بچوں، سرائیکی وطن پر سرائیکی بچوں کے حق ملکیت کو تسلیم کیا جائے۔ آج بھی پاکستان میں سب سے زیادہ پٹرول، تیل، گیس، معدنیات، تانبا، سونا کے ذخائر پشتونخوا وطن میں موجود ہیں اور ان معدنیات ووسائل پر ہمیں کوئی اختیار نہیں اور اسی طرح پانی، جنگلات، زمینوں کو قبضہ کیا جارہا ہے۔ اس قبضہ کو روکنے کے لیے ایک ہی راستہ ہے کہ پشتونوں کا متحد ہونا ان کا اتفاق اور یہاں ایک قومی جرگہ اور پھر تمام پشتونوں کا قومی جرگہ منعقد ہو۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ وفاداری اور بے وفائی کا پیمانہ کیا ہوگا کہ آپ وردی میں آئین کو توڑینگے، معطل کرینگے، اسمبلیوں کو نیلام کرینگے اور آپ وفادار رہیں گے اور اگر ہم اپنے حق کے لیے جلوس احتجاج کرینگے تو آپ ہم پر گولیاں چلائیں گے ایسا نہیں ہوسکتا۔ اگر غداری کی بات ہے تو پاکستان کا آئین اُسے سزائے موت کی سزا سناتا ہے جو آئین کو معطل کرتا ہے، پامال کرتا ہے، توڑتا ہے اور اُسے بھی سزائے موت کے سزا کا حقدار سمجھتا ہے جو ان لوگوں کے ساتھ تعاون کرتا ہے۔ ہم آئین چاہتے ہیں، اس ملک کو چلانا چاہتے اور اگر آپ اس ملک کو چلانا چاہتے ہیں تو یہاں ایک آئین ہوگا اور اسے سب نے تسلیم کرنا ہوگا۔ کہا جاتا ہے کہ سیاہ شیشوں والی گاڑیوں میں لیجا کر مذاکرات کیئے جاسکتے کونسے مذاکرات کیسے مذاکرات؟ فوجی سپاہی سے لیکر جرنیل تک یہاں سب حلف لیتے ہیں کہ ہم سیاست میں حصہ نہیں لیں گے، ہم فوج اور اداروں کے خلاف نہیں آپ صرف آئین کو تسلیم کرلیں۔ دنیا کے ہر ملک میں فوج، ایجنسیاں ہوتی ہیں اور یہ ملکوں کی ضرورت ہوتی ہیں۔ جب روسی فوجیں افغانستان میں داخل ہوئی تو امریکہ اور تمام جمہوری ممالک نے اعلان کیا کہ ایک سپر طاقت ملک ایک چھوٹے سے ملک کی آزادی، خودمختیاری پر حملہ آور ہوئی ہے۔ روس اور اس کے ساتھی ایک جانب اور دوسری جانب امریکہ اور اس کے تمام ساتھی اکٹھے ہوئے کہ افغانستان کی خودمختاری کو خطرہ ہے۔ جب آپ کو ضرورت تھی تو آپ نے افغانوں کو خالد بن ولید، مجاہد کے القابات سے نوازا۔ ایمن الظواہری کو جیل سے نکالا گیا، چیچن، ازبک، تاجک پتہ نہیں کن کن لوگوں کو لاکر یہاں جنگی تربیت دی گئی اور پھر چن چن کر 1300 سے زائد ہمارے قبائلی مشران کو ٹارگٹ کلنگ، بم دھماکوں میں شہید کردیا، اورکزئی، درہ خیبر دیگر علاقوں میں دھماکوں میں لوگوں کو شہید کیا اور تمام وزیرستان میں یہ ظلم کیا۔ جب روسی یہاں سے نکلے پھر تو امریکیوں نے وعدہ کیا تھا کہ ہم افغانستان جمہوریت کے لیے آئیں ہیں اس ملک کی خودمختاری محفوظ کرنے کے لیے ہیں لیکن پھر روسی اور امریکن اپنے اپنے اتحادی ملکوں کے ساتھ افغانستان کو تباہ وبرباد کرکے یہاں سے نکل گئے۔ افغانستان میں سوائے ایٹم بم کے دنیا کی تمام جدید اسلحہ کو استعمال کیا گیا اور لاکھوں بے گناہ انسانوں کو خون ناحق بہایا گیا۔ پھر افغانستان میں ایسی صورتحال آئی کہ انسان انسان کا دشمن بنا۔ بنوں کے جرگہ میں یہ قرارداد موجود ہے کہ امریکہ اور اس کے اتحادی اور روس اور اس کے اتحادی افغانستان اور افغان عوام کے مقروض ہیں افغانستان کی ترقی وآبادی میں انہیں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ اسی طرح وہ بچے جو یہاں اس ملک میں پیدا ہوئے، تعلیم حاصل کی، ازدواجی حیثیت قائم کی آپ نے بزور طاقت انہیں بیدخل کرنے کے لیے ان کی سخت تضحیک کی۔ اور دوسری جانب یہاں نام نہاد جتوں کے لیے 100 افراد دینے، اسلحہ دینے کے لیے لوگوں کو منتیں کررہے ہیں۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ پاکستان میں کوئی فاتح مفتوح نہیں، پشتونخوا وطن پشتونوں، بلوچ وطن بلوچوں، سندھی وطن سندھیوں، سرائیکی وطن سرائیکیوں اور پنجابی سرزمین پنجابیوں کا ہے، ہمیں اپنے وطنوں کے قدرتی نعمتوں پر آئینی ضمانت دی جائے کہ اس پر ہمارے بچوں کا حق ہوگا۔ اگر آپ کچھ چاہتے ہو تو عوام کے ساتھ بیٹھ کر بات کریں۔ ہم جب جرگہ کرینگے میری تجویز ہے کہ دنیا کے تمام لوگوں سے جرگہ کے منتخب نمائندگان ملکر انہیں بتائیں کہ یہ وطن ہمارا ہے اور اس کے وسائل ہمارے ہیں اور اس پر مسلط اور زور زور کی حکومتوں سے مذاکرات کو ہمارے عوام تسلیم نہیں کرینگے اور نہ انہیں یہ حق حاصل ہے کہ وہ ہمارے وسائل پر کسی سے سودا بازی کریں۔ اگر اس ملک کو چلانا چاہتے ہیں جرنیل صاحب سیاست سے توبہ کرلیں، ایجنسیاں سیاست میں مداخلت نہیں کرینگے۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ بلوچوں کی بات ہم سے علیحدہ ہے وہ اپنے وطن کی آزادی کے لیے لڑرہے ہیں لیکن ہمارے وطن پر تو دہشت گردی مسلط کی گئی ہے۔ تمام بلوچ کہتے ہیں کہ گوادر میں جنہوں الاٹمنٹ کیئے ہیں انہیں کینسل کیے جائیں، ہم بھی یہ کہہ دیتے ہیں لیکن یہاں پشتون زمینوں کی جو الاٹمنٹ جس نے بھی کی ہے وزراء ہو، بیوروکریسی ہو انہیں یہ الاٹمنٹ منسوخ کرکے ہماری زمینیں واپس کرنی ہوگی۔ ہم جلوس، جلسے، جرگے، احتجاج کرینگے اور جب تک ہم تمام پشتونوں کی نمائندگی سے ریاست سے بات نہیں کرتے اس وقت تک موجودہ صورتحال سے نجات ممکن نہیں۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ آئی ایم ایف سے قرضے لیے گئے ہیں، آئی ایم ایف کا ایک پیسہ بھی پشتونخوا وطن اور بلوچ وطن کی ترقی وخوشحالی کے لیے خرچ نہیں ہوا۔ آپ نے کھربوں روپے لیکر اب ہمارے معدنیات پر قبضہ کرکے اس کی ادائیگی کرنا چاہتے ہیں اور ہمیں اس سے محروم رکھ کر کوئی حصہ نہیں دینگے اور ہمیں مارینگے۔ ہمیں مجبور نہ کیا جائے ہم شریف لوگ ہیں بُرے لوگ نہیں البتہ اپنی سیالی، آزادی، وطن سے متعلق بخوبی جانتے اور واقف ہیں۔ بلوچ بھائیوں سے بھی کہتا ہوں کہ آپ کی زبان میں بھی سیال لفظ موجود ہے آئیں سیال قوم برابری کی حیثیت سے رہے جو آپ کا ہے وہ آپکا صحیح اور جو میرا وطن ہے وہ میرا صحیح لیکن یہ جو ڈویژن، اضلاع کے نام پر کبھی کو وہاں شامل کرو فلاں کو یہاں شامل کرو یہ نہ کریں اس سے ناراضگی اور دوری پیدا ہوں گی۔

بقیہ 02

کشمیر کا کشمیریوں کی امنگوں کے مطابق حل ناگزیر ہے۔ ایک بیان میں وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ 19 جولائی 1947 کی قرارداد کشمیریوں کی اجتماعی امنگوں کی سچی عکاس اور جدوجہد آزادی کا اہم سنگ میل ہے۔ تاریخی قرارداد کشمیری عوام کے پاکستان کے ساتھ الحاق کے غیر متزلزل عزم کی مظہر ہے۔ کشمیری قیادت نے قیام پاکستان سے قبل ہی پاکستان کے ساتھ اپنے مستقبل کو جوڑ دیا تھا۔ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان اور کشمیر کے رشتے مشترکہ تاریخ، عقیدے اور جغرافیے کے مضبوط بندھن میں بندھے ہیں۔ پاکستانی قوم اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کھڑی ہے۔ بھارتی مظالم کے خلاف کشمیریوں کے صبر، استقامت اور بے مثال جرات کو سلام پیش کرتے ہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ کشمیری عوام کا اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا پیدائشی حق تسلیم کیا جانا چاہیے۔ جنوبی ایشیا میں مستقل امن کے لیے مسئلہ کشمیر کا کشمیریوں کی امنگوں کے مطابق حل ناگزیر ہے۔ پاکستان کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی غیر مشروط اور اصولی حمایت جاری رکھے گا۔

بقیہ 03

کرتے ہوئے عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کا ہر کارکن پاکستان کی ترقی اور خوشحالی پر یقین رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کارکن ہر مشکل وقت میں قیادت کے ساتھ کھڑے رہے اور وہ کارکنوں کی جانب سے دی گئی عزت ومحبت پر ان کے شکر گزار ہیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ کشمیریوں کا ایک ہی نعرہ ہے، "کشمیر بنے گا پاکستان"، جبکہ دنیا بھر میں مقیم کشمیریوں کے دل پاکستان کے ساتھ دھڑکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہجرت کرنے والے کشمیریوں کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی اور ان کی حب الوطنی کو شک کی نگاہ سے نہیں دیکھا جاسکتا۔ ان کا کہنا تھا کہ کشمیر کاز کے خلاف ہونے والی ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا، جبکہ جلاؤ گھیراؤ اور تشدد کی سیاست کی بھی حوصلہ شکنی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر میں ہونے والے انتخابات خصوصی اہمیت کے حامل ہیں۔ عطاء اللہ تارڑ نے بانی پی ٹی آئی کی بہن نورین نیازی کے حالیہ بیانات پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ان کے بیانات بھارتی میڈیا کی زینت بنے، جس پر عوام میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ بعض عناصر اپنی سیاست کی خاطر پاکستان کو بدنام کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، تاہم ایسی کوششیں کبھی کامیاب نہیں ہوں گی۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستان ہے تو سب کچھ قائم ہے، جبکہ پی ٹی آئی کی منفی ہتھکنڈوں پر مبنی سیاست دفن ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے مسائل پر بھی موثر آواز نہیں اٹھائی گئی، جبکہ آج پوری دنیا میں پاکستان کی عزت اور وقار میں اضافہ ہو رہا ہے اور ملک ترقی کی شاہراہ پر گامزن ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کو بدنام کرنے کی کوشش کرنے والوں کو ہمیشہ رسوائی کا سامنا کرنا پڑا ہے اور پاکستان کی عزت، وقار اور ترقی کا سفر مستقبل میں بھی جاری رہے گا۔

بقیہ 04

فیڈرل سیکرٹری ہیلتھ اسلم غوری چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈریپ ڈاکٹر عبید بھی شریک تھے۔ ملاقات میں ہیپاٹائٹس ڈیلٹا وائرس کے مریضوں کے علاج کیلئے جاری پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا کہ ہیپاٹائٹس ڈیلٹا وائرس کے علاج سے متعلق (B2B) معاہدے پر کامیابی سے دستخط کیے گئے۔ معاہدہ پاکستان میں جدید اور مقامی سطح پر علاج کی دستیابی کی جانب ایک اہم سنگ میل ہے۔ پاکستان اور چین کے درمیان یہ تاریخی تعاون ہیپاٹائٹس ڈیلٹا کے مریضوں کیلئے جدید علاج کی فراہمی کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ اندازے کے مطابق پاکستان میں اندازاً دس لاکھ سے زائد افراد ہیپاٹائٹس ڈیلٹا سے متاثر ہو سکتے ہیں۔ اس اقدام ہیپاٹائٹس ڈیلٹا کے مریضوں کو جدید اور موثر علاج تک بہتر رسائی حاصل ہوگی۔ پاکستان کے دواسازی کے شعبے میں استعداد کار اور بین الاقوامی تعاون کو بھی فروغ ملے گا۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ ڈریپ تمام قانونی اور ریگولیٹری تقاضے ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنا رہی ہے تاکہ یہ دوا جلد از جلد پاکستانی مریضوں کے لیے دستیاب ہو سکے۔ ہیپاٹائٹس ڈیلٹا وائرس دوا کی فیز ٹو کلینیکل اسٹڈی میں اس کی حفاظت اور موثریت کے مثبت نتائج سامنے آچکے ہیں۔

بقیہ 05

بیان پر افسوس ہوا، یہ پاکستان کی سالمیت، عزت اور وقار کے خلاف ہے، امریکی صدر نے کئی بار پاکستان کی فتح کا ذکر کیا۔ وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا کہ نورین نیازی کا بیان انتہائی افسوسناک ہے، بانی پی ٹی آئی اور ان کے خاندان کا ہدف پاکستان کو نقصان پہنچانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اسرائیل گٹھ جوڑ کے باوجود پاکستان نے فتح حاصل کی، نورین نیازی کے بیان سے ثابت ہوا یہ پاکستان مخالف پراکسیز ہیں۔ وزیر مملکت طلال چوہدری نے کہا کہ پی ٹی آئی نے پاکستان کو ڈیفالٹ کرنے کیلئے جتن کیے، یہ لابی پاکستان کی معیشت پر بھی حملہ آور ہوئی، پاکستان کو ڈیفالٹ کرنے کے لیے آئی ایم ایف کو خط لکھے گئے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو عدم

بقیہ 01

ویلیٹن کارپوریشن کوئٹہ نے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے اور یہ فیصلہ فوری طور پر نافذ العمل ہوگا انہوں نے کہا کہ شہدائے بلوچستان میں امن، ہم آہنگی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ ان کی قربانیاں قوم کا قیمتی سرمایہ ہیں اور انہیں ہمیشہ عزت و احترام کے ساتھ یاد رکھا جائے گا شاہد رند نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں حکومت شہدا کی قربانیوں کو محض الفاظ تک محدود رکھنے کے بجائے انہیں قومی تاریخ کا مستقل حصہ بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ عوامی مقامات کو شہدا کے نام سے منسوب کرنا نئی نسل کو ان عظیم قربانیوں سے روشناس کرانے اور وطن کے محافظوں کو خراج تحسین پیش کرنے کی ایک اہم روایت ہے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان شہدا اور ان کے اہل خانہ کی عزت، تکریم اور فلاح و بہبود کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی اور ان کی بے مثال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

بقیہ 02

دوسری جانب دو ماہ سے صارفین کو پچاس ہزار سے زیادہ بجلی بلز نے عوام کیسکون چھین لیا ہے جو عوام پر انتہا بوجھ ہے اور بجلی بلز ادائیگی صارفین دو وقت کے سوکھی روٹی پیدا کر کے پھر حیران و خودکشیوں پر مجبور ہیں اور حکومت کیا اب بجلی کے بلز نے اور بجلی کم وولٹیج کیوجہ سے عوام مختلف سیا قسطوں پر گھروں کے لیے خریدے گئے آلات فریج و اثر پانی مشین پنکھے جل کر ختم ہوگئیں انہوں نے چیف کیسکو واپڈا اور دیگر اعلیٰ حکام بالا فوری نوٹس لیکر بجلی کے کم وولٹیج اور بھاری بھر بلز پر فوری ریلیف دے

بقیہ 03

۔ پنجاب میں ہوتے تو شہدا کا یہ حال نہ ہوتا انہوں نے کہا کہ پائیدار امن کے لیے سماجی اور معاشی انصاف ناگزیر ہو چکا ہے۔ جب تک معاشرے کے ہر طبقے کو برابر کے حقوق اور انصاف فراہم نہیں ہوگا۔ حقیقی امن کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا۔ بلوچستان کی سب سے بڑی پکار امن ہے ہوتی ہے۔ بلوچستان امن کے لیے ترس رہی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو بدامنی کی آگ میں جھونکنے کی ایک طے شدہ منصوبہ نظر آتی ہے۔ نام نہاد دہشت گردی کی آڑ میں حکمرانوں نے خیبر پختونخوا اور بلوچستان کو میدان جنگ بنایا ہے حکومت کی ظلم و جبر کی باعث آج بلوچستان خیبر پختونخوا کشمیر اور گلگت بلتستان سرائیکی سب ناراض ہے عوام اب جینے کا حق مانگ رہی ہے محرومیوں نے بلوچستان کو بدامنی، احساس کمتری اور عدم استحکام کی اس نہج پر لا کھڑا کیا ہے جہاں ترقی کے دعوے اور طفل تسلیاں اپنا اثر کھو چکی ہیں۔ بلوچستان قدرتی گیس، تانبے، سونے سیندک اور ریکوڈک اور ایک طویل ساحلی پٹی گوادر سے پورا ملک تو مستفید ہو رہا ہے، مگر خود مقامی آبادی بنیادی سہولیات کو ترس رہی ہے۔ بدامنی کو ختم کرنے کا واحد راستہ صوبے کی حقیقی محرومیوں کو دور کرنے سے ہوتا ہے وفاق کی مسلسل نظر اندازی نے بلوچستان کو ترقی اور خوشحالی کی بجائے ہزاروں لاشوں کی تحفے دیا گیا

بقیہ 04

نقصان سے ظاہر ہوتا ہے کہ تہران کے پاس نہ صرف قابل ذکر میزائل ہتھیار موجود ہیں بلکہ اس نے امریکی فضائی دفاعی نظام سے بچنا بھی سیکھ لیا ہے۔ امریکی اخبار نے یہ بھی نوٹ کیا ہے کہ ایران نے گزشتہ پانچ دنوں میں اردن میں امریکی فوجی اڈوں پر چار بار حملہ کیا ہے۔

بقیہ 05

کینیڈا تعلقات کے تمام شعبوں پر تفصیلی بات چیت کی جائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ ملاقاتوں میں دونوں ممالک کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم، عوامی روابط اور باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے کے امکانات کا جائزہ لیا جائے گا۔ اس کے علاوہ دونوں وزرائے خارجہ علاقائی اور عالمی صورتحال پر بھی اپنے خیالات کا تبادلہ کریں گے۔ ترجمان نے مزید کہا کہ کینیڈین وزیر خارجہ اپنے دورہ پاکستان کے دوران ملکی قیادت سے بھی ملاقاتیں کریں گی۔ طاہر اندرابی کے مطابق پاکستان اور کینیڈا کے درمیان خوشگوار دوطرفہ تعلقات مضبوط عوامی روابط پر استوار ہیں، جبکہ کینیڈا میں مقیم متحرک پاکستانی کمیونٹی دونوں ممالک کے تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کینیڈین وزیر خارجہ کا یہ دورہ پاکستان اور کینیڈا کے درمیان دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے اور باہمی شراکت داری کو مضبوط بنانے کے مشترکہ عزم کا مظہر ہے۔

بقیہ 06

گروہوں کو پکڑا جائے اور ان کو پالنے اور اپنا کام نکالنے والوں کو سیف ہاؤسز میں رکھا جائے۔ میاں جاوید لطیف نے مزید کہا کہ عمران خان کی بہن نورین نیازی کا بیان ہو یا اس طرح کے کچھ دوسرے چھوٹوں کے اشتعالی بیانات ہوں وہ قابل گرفت ہونے چاہئیں۔ سب سے بالاتر ہے کہ ان لوگوں نے 9 مئی سے کچھ نہیں سیکھا پاکستان کے خلاف زہر اگلنے کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیتے۔ یاد رہے پاکستان کی سلامتی خودمختاری اور قومی وقار پر پوری قوم ایک آواز ہے۔ جب بھی ملک کو کسی چیلنج کا سامنا ہوتا ہے افواج پاکستان اپنی پیشہ ورانہ صلاحیت اور قربانیوں سے قوم کا سر فخر سے بلند کرتی ہیں۔ قوم بھی بنیان المرصوص کی طرح اپنی افواج کے ساتھ کھڑی ہوتی ہے۔ معرکہ حق کی کامیابی کو پوری دنیا نے نہ صرف دیکھا بلکہ پاکستان کی شاندار فتح کو تسلیم کیا تب سے مودی اپنے زخم چاٹ رہا ہے، جب پوری دنیا آپ کی اور آپ کی افواج کی بہادری جرات اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا اعتراف کر رہی ہو تو ایسے موقع پر اس طرح کے بیانات جو قومی موقف کو کمزور کریں یا دشمن کے بیانیے سے ہم آہنگ محسوس ہوں تو وہ عوام میں شدید تشویش اور اضطراب پیدا کرتے ہیں۔ اختلاف رائے جمہوری حق ہے لیکن قومی مفاد سے متعلق معاملات میں ذمہ داری، احتیاط اور حب الوطنی کو مقدم رکھنا اولین ترجیح ہونی چاہیے قومی اتحاد ہی پاکستان کی اصل طاقت ہے، اور ہر پاکستانی کو اسی اتحاد کو مضبوط بنانے کیلئے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔

بقیہ 07

الزام عائد کیا کہ انہیں اور ان کے خاندان کو جان سے مارنے کی دھمکیاں بھی دی جا رہی ہیں۔ ڈسٹرکٹ پریس کلب کوہلو میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے اصغر خان مری نے کہا کہ وہ گزشتہ روز اپنے معاملے کے سلسلے میں پولیس کے ہاتھوں گرفتار ہوئے، جبکہ آج ایک بار پھر انہیں پولیس کے ذریعے گرفتار کیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ مسلسل گرفتاریوں اور کارروائیوں کے ذریعے انہیں دباؤ میں لانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اصغر خان مری نے الزام عائد کیا کہ وائس چیئرمین غازی مری ان کی زمینوں پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں، جس کے باعث انہیں اور ان کے خاندان کو مختلف مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف انہیں پولیس کے ذریعے گرفتار کیا جا رہا ہے جبکہ دوسری جانب انہیں دہشت گرد ظاہر کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، جس سے ان کی اور ان کے خاندان کی زندگیوں کو خطرات لاحق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انہیں اور ان کے اہل خانہ کو مبینہ طور پر جان سے مارنے کی دھمکیاں دی جا رہی ہیں، جس کے باعث وہ شدید خوف و ہراس میں مبتلا ہیں۔ اصغر خان مری نے حکام سے مطالبہ کیا کہ ان کے خلاف ہونے والی کارروائیوں کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں اور انہیں مبینہ طور پر ہراساں کرنے کا سلسلہ بند کیا جائے۔ اصغر خان مری نے کمانڈنٹ میوند بریگیڈ فاروق اشرف، ڈپٹی کمشنر کوہلو اور متعلقہ حساس اداروں سے اپیل کی کہ وہ معاملے کا فوری نوٹس لیں، انہیں اور ان کے خاندان کو تحفظ فراہم کریں اور زمینوں کے تنازع سمیت تمام معاملات کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کر کے انہیں انصاف فراہم کرنے میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ اگر ان کے ساتھ یا ان کے خاندان کے کسی فرد کے ساتھ کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش آیا تو اس کی ذمہ داری ان افراد پر عائد ہوگی جن کی جانب سے انہیں مبینہ طور پر دھمکیاں دی جا رہی ہیں۔ اصغر خان مری نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ انہیں قانونی تحفظ فراہم کرتے ہوئے معاملے کا فوری حل نکالا جائے۔

بقیہ 08

دو سالہ مدت ملازمت فروری 2026 میں مکمل ہو گئی تھی، جس کے بعد دونوں کونسلوں کی نشستیں تقریباً پانچ ماہ تک خالی رہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ وزارت اطلاعات و نشریات نے پہلی مدت مکمل کرنے والے چیئرپرسنز اور ممبران کی دوبارہ دو سال کے لیے تقرری کی سمری وفاقی کابینہ کو ارسال کی تھی، جس کی منظوری دے دی گئی ہے۔ منظوری کے مطابق سید محمد علی کو دوبارہ پیمرا کونسل آف کمپلینٹس اسلام آباد کا چیئرپرسن مقرر کیا گیا ہے، جبکہ درشین مری کو پیمرا کونسل آف کمپلینٹس بلوچستان کی چیئرپرسن کے طور پر دوبارہ ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق نئی تقرریوں سے دونوں کونسلوں کی فعالیت بحال ہوگی اور الیکٹرانک میڈیا سے متعلق عوامی شکایات کے بروقت ازالے کے عمل کو مزید مؤثر بنایا جا سکے گی

بقیہ 09

نے سیکریٹری فنانس کے لئے کاغذات جمع کرائے تھے جبکہ مقابلے میں کسی انفرادی امیدوار اور نہ ہی کسی پینل نے کاغذات جمع کرائے تھے چنانچہ ممبران نے اتفاق رائے سے ہینڈ فیک کے ذریعے نسیم خان کو صدر، عامر خان کو جنرل سیکریٹری اور محمود خان کو فنانس سیکریٹری عرصہ چار سالہ مدت کے لئے منتخب کیے۔ ستار شاہین آرچری کلب کوئٹہ کے نو منتخب صدر نسیم خان نے ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر کوئٹہ ارسلان خان نورزئی، بلوچستان تیر اندازی ایسوسی ایشن کے چیئرمین میر دانش مری، صدر محمد امین بادینی کا ستار شاہین آرچری کلب کوئٹہ کے انتخابات میں بطور مبصر شرکت پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ کلب بنیادی سطح پر تیر اندازی کھیل کے فروغ کے لئے کاوشیں جاری رکھیں گے۔

بقیہ 10

سے برآمد کر لی ہے ڈپٹی کمشنر حب کے مطابق سرچ آپریشن اختتام پذیر ہو گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ضلع حب انتظامیہ کی جانب سے گڈانی کے ساحلی علاقے میں ایک مشترکہ سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن شروع کر دی گئی جو اسسٹنٹ کمشنر دریجی، چیئرمین گڈانی اور تحصیلدار گڈانی کی نگرانی میں انجام دیا جا رہا ہے اس آپریشن میں پاک فوج اور پاک بحریہ ریسکیو ٹیم بھرپور حصہ لیا تاہم پانچویں بچے کی لاش سونمیانی بیچ سے برآمد ہونے پر ریسکیو آپریشن اختتام پذیر ہو گیا۔ ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد خان مندوخیل نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ حب اس المناک واقعہ پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتی ہے اور سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی اور تعزیت پیش کرتی ہے متاثرہ خاندان کو ہر ممکن معاونت فراہم کی جا رہی ہے ڈپٹی کمشنر حب نے کہا کہ میں حب شہر اور کراچی شہر کے عوام بالخصوص بچوں کے والدین سے پرزور اپیل کرتا ہوں کہ آپ لوگ پکنک منانے کیلئے آتے وقت دریائے حب اور ساحلی سمندر گڈانی نہ جایا کریں والدین سے پرزور اپیل کرتی ہے کہ وہ اپنے بچوں پر کڑی نظر رکھیں اور انہیں غیر محفوظ مقامات، خصوصاً ساحل سمندر پر اکیلا نہ چھوڑیں، تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے بچا جا سکے آپ کی تھوڑی سی غفلت اور لاپرواہی کی وجہ سے اپنے قیمتی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں جبکہ صوبائی حکومت بلوچستان اور ضلعی انتظامیہ حب کی جانب سے ضلع بھر میں بالخصوص دریائے حب اور ساحلی علاقہ گڈانی میں ساحل سمندر میں پکنک منانے اور نہانے پر مکمل پابندی عائد کر کے ہم دفعہ 114 نافذ کر دی گئی ہے۔ حب شہریوں اور عوامی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ حب سے خصوصی اپیل کی ہے کہ دریائے حب اور گڈانی سمندر ساحلی علاقوں میں مستقل بنیادوں پر ایمبولینس، 1122 ریسکیو اور ایمرجنسی سہولیات فراہم کی جائیں اور کراچی اور حب شہر سے آنے والے لوگوں کو سختی کے ساتھ عملدرآمد کرایا جائے انہیں آگے جانے نہ دیا جائے تاکہ آئندہ ایسے سانحات سے بچا جا سکے اور ڈوبنے والے لوگوں کو بروقت ریسکیو کر کے انہیں بچایا جا سکے

بقیہ 11

کو بھی مکمل نہ کروا سکنا عوامی نمائندگی پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ نوجوانوں کا کہنا ہے کہ اگر حکومت میں عوامی نمائندوں کی بات نہیں سنی جاتی اور وہ بجلی کی بحالی کے لیے فنڈز بھی فراہم نہیں کروا سکتے تو وہ کھل کر عوام کو بتائیں۔ اگر واقعی یہی صورتحال ہے تو کرخ کے عوام خود چندہ جمع کر کے بجلی کی بحالی کے اخراجات پورے کرنے کے لیے تیار ہیں۔ عوام کو صرف یہ بتایا جائے کہ کتنی رقم درکار ہے اور یہ رقم کس کے پاس جمع کرائی جائے تاکہ بجلی کی بحالی کا عمل شروع کیا جا سکے۔ عوامی حلقوں نے کہا کہ انتخابات کے دوران حکومتی اور اپوزیشن جماعتوں کے امیدوار بڑے بڑے وعدے اور دعوے کرتے ہیں، لیکن عملی طور پر ایک بنیادی عوامی مسئلہ بھی حل نہیں ہو پا رہا۔ شدید گرمی کے موسم میں بجلی سے محرومی نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، جبکہ اس مسئلے پر مؤثر آواز بلند نہ کرنا عوام کے ساتھ ناانصافی اور ظلم کے مترادف ہے۔ واضح رہے کہ تقریباً ایک سال قبل نامعلوم چور کرخ کی بجلی کے تار چوری کر کے لے گئے تھے۔ اس وقت خضدار پولیس نے چوروں کی گرفتاری کا دعویٰ بھی کیا تھا، تاہم اس کے باوجود آج تک بجلی بحال نہیں کی جا سکی۔ کرخ کے نوجوانوں اور عوام نے حکومت بلوچستان، متعلقہ حکام، واپڈا اور تمام منتخب عوامی نمائندوں سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر بجلی کی بحالی کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں تاکہ علاقے کے ہزاروں مکین اس بنیادی سہولت سے دوبارہ مستفید ہو سکیں۔

بقیہ 12

اضافہ، غیر معمولی بارشیں، سیلاب، خشک سالی اور پانی کی قلت کے باعث گندم اور چاول سمیت اہم زرعی فصلوں کی پیداوار میں نمایاں کمی کا خدشہ ہے۔ وزارت موسمیاتی تبدیلی کے ترجمان اور موسمیاتی پالیسی کے ماہر محمد سلیم شیخ نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی اب صرف ماحولیاتی مسئلہ نہیں بلکہ پاکستان کی قومی غذائی سلامتی کا اہم چیلنج بن چکی ہے۔ ان کے مطابق گرمی کی شدید لہریں، سیلاب اور خشک سالی زرعی پیداوار اور آبی وسائل پر مسلسل دباؤ بڑھا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو فوری طور پر موسمیاتی موافق زراعت اپنانا ہوگی، جس میں موسمیاتی اثرات برداشت کرنے والی فصلوں کی نئی اقسام، جدید آبپاشی نظام، سائنسی تحقیق اور بہتر زرعی طریقہ کار شامل ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ درجہ حرارت میں ہر اضافی اضافہ کسانوں، خوراک کی فراہمی اور ملکی معیشت کے لیے خطرات میں اضافہ کر رہا ہے۔ وزارت موسمیاتی تبدیلی کے تحقیقی ادارے گلوبل چینج امپیکٹ اسٹڈیز سینٹر کے مطابق صدی کے اختتام تک پاکستان میں اوسط درجہ حرارت عالمی اوسط سے زیادہ بڑھنے کا امکان ہے۔ تحقیقی ماڈلز کے مطابق فیصل آباد، شیخوپورہ، حیدرآباد، بدین، بہاولپور، ملتان اور دیگر زرعی علاقوں میں گندم کی پیداوار میں 3 سے 16 فیصد تک کمی واقع ہو سکتی ہے، جبکہ پوٹھوہار کے بارانی علاقوں، خصوصاً چکوال، میں یہ کمی تقریباً 16 فیصد تک پہنچنے کا خدشہ ہے۔ محمد سلیم شیخ نے کہا کہ چاول کی پیداوار بھی شدید خطرات سے دوچار ہے اور بڑھتے ہوئے درجہ حرارت کے باعث ملک کے بڑے چاول پیدا کرنے والے علاقوں میں صدی کے اختتام تک پیداوار میں 12 سے 22 فیصد تک کی متوقع ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پانی کی قلت زرعی شعبے کے لیے ایک اور بڑا چیلنج ہے۔ بڑھتے ہوئے درجہ حرارت سے فصلوں کی پانی کی ضرورت بڑھ رہی ہے جبکہ دستیاب آبی وسائل محدود ہوتے جا رہے ہیں۔ اس صورتحال سے نمٹنے کے لیے پانی کے تحفظ، جدید آبپاشی نظام، بارش کے پانی کو ذخیرہ کرنے، خشک سالی برداشت کرنے والے بیجوں اور جدید زرعی ٹیکنالوجی کے فروغ کو ناگزیر قرار دیا گیا۔ ماہرین کے مطابق ایشیائی ترقیاتی بینک اور عالمی بینک بھی پاکستان کے زرعی شعبے کو موسمیاتی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے شعبوں میں شمار کرتے ہیں اور فصلوں، مویشیوں اور آبپاشی کے نظام کو لاحق خطرات سے خبردار کر چکے ہیں۔ محمد سلیم شیخ نے زور دیا کہ حکومت، سائنسی ادارے، کسان اور دیگر متعلقہ فریق مشترکہ حکمت عملی اختیار کریں تاکہ غذائی سلامتی، آبی سلامتی اور موسمیاتی تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مجموعی قومی پیداوار میں زرعی شعبے کا تقریباً ایک چوتھائی حصہ ہے، اس لیے اسے موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے محفوظ بنانا ملکی معاشی استحکام کے لیے ناگزیر ہے

بنوں (آن لائن) بنوں پولیس کا مشترکہ سرچ اینڈ انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن، 28 مشتبہ افراد گرفتار، اسلحہ برآمد، ڈی پی او بنوں کیپٹن (ر) محمد فرقان بلال کی سربراہی میں ضلع بنوں کے مختلف علاقوں میں ضلعی پولیس، سی ٹی ڈی اور ایلیٹ فورس نے مشترکہ سرچ اینڈ انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن کامیابی سے انجام دیا آپریشن کا مقصد دہشت گردوں، ان کے سہولت کاروں اور دیگر مشتبہ عناصر کی تلاش، امن و امان کا قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانا تھا آپریشن کے دوران گاؤں نورڑ میں مکمل سرچ کی گئی، جبکہ گاؤں متی بارکزئی کے تقریباً 50 فیصد علاقے کی مؤثر تلاشی لی گئی۔ باقی ماندہ علاقے میں سرچ آپریشن آئندہ مرحلے میں مکمل کیا جائے گا کارروائی کے دوران مجموعی طور پر 28 مشتبہ افراد کو حراست میں لیا گیا۔ ابتدائی جانچ پڑتال کے بعد 4 افراد کو بے گناہ ثابت ہونے پر موقع پر ہی رہا کر دیا گیا، جبکہ 24 افراد کو مزید تفتیش اور قانونی کارروائی کے لیے متعلقہ اداروں کے حوالے کر دیا گیا سرچ آپریشن کے دوران ملزمان کے قبضے سے 08 عدد پستول، 01 عدد کلاشنکوف اور 01 عدد 12 بور رپیٹر برآمد کر کے قبضہ پولیس میں لے لیا گیا بنوں پولیس اس عزم کا اعادہ کرتی ہے کہ دہشت گردی، جرائم پیشہ عناصر اور امن دشمن سرگرمیوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں مستقبل میں بھی اسی تسلسل کے ساتھ جاری رہیں گی تاکہ شہریوں کو محفوظ اور پرامن ماحول فراہم کیا جا سکے

بقیہ 13

واستقامت بے مثال رہی ہے بیان میں کہا گیا کہ سانحہ زیارت جیسے افسوسناک واقعہ جس میں درجنوں جوانوں کو زندگی سے ہاتھ دھونا پڑا یہ واقعات اقوام کی تاریخ میں رونما ہوتے رہے ہیں تاہم ایسے سانحات پوری قوم کے ضمیر کو جھنجھوڑ دیتے ہیں اس کڑے امتحان کے دوران شہدا کے ورثا نے جس صبر استقامت اور حوصلے کا مظاہرہ کرتے ہوئے ظلم و بربریت کے خلاف پرامن احتجاج کیا وہ پشتون قوم کے اجتماعی شعور سیاسی بلوغت اور امن پسندی کی روشن مثال ہے بیان میں کہا گیا کہ سانحے کے بعد تمام سیاسی جماعتوں نے اختلافات سے بالاتر ہو کر جس اتحاد یکجہتی اور ذمہ داری کا مظاہرہ کیا وہ قابل تحسین ہے اور اس سے یہ واضح پیغام ملا کہ دہشت گردی اور تشدد کے خلاف پوری سیاسی قیادت ایک صفحے پر کھڑی ہے عوامی نیشنل پارٹی نے کوئٹہ کے شہریوں سول سوسائٹی خواتین نوجوانوں بچوں اور بچیوں کے کردار کو بھی سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے جس جرات شعور اور پرامن انداز میں انصاف اور امن کے لیے آواز بلند کی وہ مستقبل میں ظلم جبر اور استبداد کے خاتمے کی جدوجہد کو مزید مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرے گی پشتون خوا اور بلوچستان میں پشتون بلوچ اور ہزارہ اقوام اس وقت شدید عدم تحفظ اور بقا کے سنگین مسائل سے دوچار ہیں ایسے حالات میں ریاست اور حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے کہ دہشت گرد تنظیموں مسلح گروہوں اور ڈیتھ اسکواڈز کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کرتے ہوئے امن و امان کی بحالی کو یقینی بنایا جائے کیونکہ عوام مزید ایسے اندوہناک واقعات برداشت کرنے کی سکت نہیں رکھتے دریں اثنا عوامی نیشنل پارٹی کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کی قیادت میں ایوب اسٹیڈیم کوئٹہ میں منعقدہ شہدائے زیارت کی نماز جنازہ میں شرکت کی شہدا کی درجات بلندی مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی

بقیہ 14

لت مراکز منصوبہ کے ڈیزائن کیلئے مقابلہ کا انعقاد بھی کیا گیا۔ خواتین سہولت مراکز کے فاتح ڈیزائن کا اعلان آج پیر کو کیا جائے گا فاتح ڈیزائنر کیلئے ایوارڈ تقریب سپریم کورٹ میں منعقد ہوگی۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی فاتح ڈیزائن کو ایوارڈ دینگے۔

بقیہ 15

علاقے (پی ون) سے تعلق رکھنے والی 10 کمپنیوں کے نمائندوں کو چار روزہ تربیت دی گئی، جس میں خریداری کے طریقہ کار، سپلائرز رجسٹریشن، بولی جمع کرانے، نیگوشیئیشن، لاجسٹکس اور انوائسنگ سمیت مختلف امور پر عملی رہنمائی فراہم کی گئی۔ پروگرام کا مقصد مقامی سپلائرز کی صلاحیتوں میں اضافہ اور انہیں منصوبے سے وابستہ کاروباری مواقع کے لیے بہتر طور پر تیار کرنا ہے۔ آر ڈی ایم سی کے منیجر سپلائی چین، خوان ایخسلن نے کہا کہ یہ اقدام بلوچستان، خصوصاً ضلع چاغی، میں ایک مضبوط اور پائیدار مقامی سپلائرز نیٹ ورک کی تشکیل کے لیے کمپنی کی حکمت عملی کا حصہ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اگلے مرحلے میں ترجیحی علاقے (پی ٹو) کے سپلائرز، جن میں تفتان، سیندک، نوکنڈی، یک مچ، دالبندین اور چاغی ٹاؤن شامل ہیں، کو بھی پروگرام میں شامل کیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر چاغی جہانزیب نور شاہوانی اور اسسٹنٹ کمشنر تفتان عبداللہ کاشانی نے تربیتی سیشن کا دورہ کیا اور مقامی وینڈرز کی استعداد کار بڑھانے کے لیے کمپنی کی کاوشوں کو سراہا۔ پروگرام کے اختتام پر شرکاء میں اسناد بھی تقسیم کی گئیں۔

بقیہ 16

کی۔ صدر پی ایف ایف محسن گیلانی نے اقوام متحدہ کے اعلیٰ سطحی فورم میں پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے اپنے تجربات دنیا کے سامنے پیش کیے اور بتایا کہ فٹبال فار مینٹل ہیلتھ اقدام پر پاکستان میں کس طرح عملدرآمد کیا گیا اور کھیل کو ذہنی صحت کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے، نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور معاشرتی بہتری کے لیے ایک مؤثر ذریعہ بنایا گیا۔ محسن گیلانی نے کہا کہ پاکستان بھر میں ہزاروں بچوں تک ذہنی صحت کا پیغام پہنچایا، ہم تین سو سے زائد نوجوانوں کو مینٹل ہیلتھ ایمبیسیڈر بنانے میں کامیاب ہوئے، جبکہ اپنے موجودہ اور سابق 80 قومی کھلاڑیوں کو بھی اس مہم کا حصہ بنایا پاکستان میں ہم نے ثابت کیا ہے کہ فٹبال حقیقی سماجی تبدیلی لا سکتا ہے۔ وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان اور پاکستان ویمنز نیشنل فٹسل ٹیم کی کھلاڑی سیل فواد طارق نے بھی تقریب میں شرکت کی۔

بقیہ 17

کی تعیناتی، او بی وی اور fIPV کوریج، یونین کونسل وار کارکردگی، ریفیوزلز، مس شدہ بچوں، آر سی اے نتائج اور فیلڈ مانیٹرز کی رپورٹس پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر مہراللہ بادینی نے ہدایت کی کہ جن علاقوں میں کوریج کم رہی یا ریفیوزل اور مس شدہ بچوں کے کیسز سامنے آئے ہیں، وہاں فوری اقدامات کرتے ہوئے ہر بچے تک پولیو ویکسین کی رسائی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے اسسٹنٹ کمشنرز، محکمہ صحت اور پولیو پارٹنرز کو ہدایت کی کہ فیلڈ مانیٹرنگ مزید مؤثر بنائی جائے، ٹیموں کی کارکردگی پر مسلسل نظر رکھی جائے اور مہم کے مقررہ اہداف ہر صورت حاصل کیے جائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ پولیو کا مکمل خاتمہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ ضلعی انتظامیہ اس قومی مقصد کے حصول کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون جاری رکھے گی۔

بقیہ 18

تو انگلینڈ کی ٹیم ابتدا سے ہی جارحانہ موڈ میں دکھائی دی، تیسرے ہی منٹ میں ان کے کھلاڑی ڈینکلن رانس نے گول داغ کر فرانس کے کھلاڑیوں کی گویا ہمت توڑ دی۔ خسارے میں جانے کے بعد فرانسیسی کھلاڑیوں نے کچھ حملے تو کیے مگر انگلش گول کیپر انتہائی چست دکھائی دیے، گیند کو جال میں جانے نہ دیا۔ دوسری جانب انگلش کھلاڑیوں نے سیمی فائنل والی غلطی نہیں دہرائی اور سبقت حاصل کرنے کے بعد دفاعی کھیل کے بجائے جارحانہ حکمت عملی اپنائی جس کا نتیجہ انہیں اس ہاف میں مزید تین گول کی صورت میں ملا۔ کونسا نے 18 ویں منٹ میں جبکہ ساکا نے 37 ویں اور انجری ٹائم میں گول کر کے انگلش ٹیم کی برتری چار صفر کر دی۔ دوسرے ہاف میں فرانس کی ٹیم بالکل بدلی ہوئی دکھائی دی، ایم باپے نے اسکورنگ کا آغاز کیا پھر بارکولا نے گول بنایا، پھر ایم باپے نے ٹیم کے لیے تیسرا گول اسکور کیا۔ انگلینڈ کو ملنے والی پنالٹی پر ساکا نے گول کر کے اسکور پانچ تک کیا اور اپنی ہیٹ ٹرک بھی مکمل کی جبکہ فرانس کی جانب سے چوتھا گول ڈیمبیلے نے بنایا۔ انگلینڈ کی جانب سے چھٹا گول ہالینڈ نے بالکل آخری لمحات میں بنایا، یوں انگلینڈ نے چار کے مقابلے میں چھ گول سے کامیابی حاصل کی۔ واضح رہے کہ یہ ورلڈ کپ کی تاریخ میں تیسری پوزیشن کے میچ میں سب سے زیادہ گول کا ریکارڈ بھی ہے۔

بقیہ 19

کے دہانے پر پہنچ چکی، بڑھتی مہنگائی، بے روزگاری اور سرمایہ کاری کے فقدان نے عوام کی مشکلات بڑھا دیں۔ ریڈیو لبرٹی کے مطابق مئی میں سالانہ مہنگائی کی شرح 8 فیصد تک پہنچ گئی، جبکہ پچھلے سال اسی مہینے میں یہ شرح 0.5 فیصد تھی، اشیائے خورونوش افغان عوام کی پہنچ سے دور، غذائی اشیا کی قیمتوں میں 8.2 فیصد تک اضافہ ہوا ہے، خواتین کے روزگار اور کاروبار پر پابندیوں نے افغان خاندانوں کی مالی مشکلات اور معاشی بحران کو مزید سنگین کر دیا ہے۔ ریڈیو فری یورپ کے مطابق افغان رجیم کی نااہلی کے باعث بے روزگاری بلند سطح پر پہنچ چکی ہے، 2025 میں شرح 13.35 فیصد ریکارڈ کی گئی، عالمی ماہرین کے مطابق طالبان رجیم کی جانب سے دہشت گرد تنظیموں کی پشت پناہی نے افغانستان کو سفارتی تنہائی کا شکار کر دیا جس کا خمیازہ وہاں کی معیشت اور عام عوام کو بھگتنا پڑ رہا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ افغان رجیم کی انتہاپسند پالیسیوں اور خواتین پر کام کی پابندیوں نے ملک کی نصف پیداواری افرادی قوت کو ناکارہ بنا کر معاشی بحران کو مزید گہرا کر دیا ہے۔

بقیہ 20

کے بجائے راستے میں ہی اتار دیا تھا، جس کے باعث مسافروں کو شدید پریشانی اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ ہدایات کی روشنی میں پروونشل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے عملے نے فوری کارروائی کرتے ہوئے جبل نور بس اڈہ میں واقع متعلقہ بس ٹرمینل کا معائنہ کیا۔ بس مالکان سے ملاقات کی اور واقعے سے متعلق تفصیلی معلومات حاصل کیں۔ ابتدائی تحقیقات کے بعد متعلقہ بس کا روٹ پرمٹ فوری طور پر معطل کر دیا گیا۔ مزید برآں بس مالکان کو ہدایت جاری کی گئی کہ وہ وضاحت پیش کرنے کے لیے فوری طور پر دفتر پروونشل ٹرانسپورٹ اتھارٹی میں حاضر ہوں تاکہ ضابطے کے مطابق مزید قانونی و انتظامی کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔ پروونشل ٹرانسپورٹ اتھارٹی بلوچستان نے واضح کیا ہے کہ مسافروں کی جان و مال کے تحفظ اور انہیں معیاری سفری سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ ٹرانسپورٹ قوانین کی خلاف ورزی، مسافروں کے ساتھ غیر ذمہ دارانہ رویہ یا عوامی مشکلات کا باعث بننے والے عناصر کے خلاف آئندہ بھی بلاامتیاز سخت کارروائی جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ 21

تمام اور بلوچستان کے زمینداروں کی معاشی قتل عام کا سلسلہ بند کیا جائے۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ اس موقع پر محمد قسیم، نقیب اللہ ترین سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان سے غیر قانونی، غیر کسٹم شدہ کھیرا اور اس کی مد میں مختلف اقسام کی سمگلنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ پاکستان اور افغانستان کے درمیان بارڈرز پر تجارت کم و بیش ایک سال سے مکمل بند ہے پاکستان کی طرف سے اگر کوئی پھل آم، مالٹا، لیموں اور سبزی آلو وغیرہ اگر افغانستان چلا جاتا ہے تو وہاں کی حکومت اس کو ضائع کرتی ہے اس نے اعلان کیا ہے کہ پاکستان سے تجارت ممنوع ہے۔ پاکستان حکومت کی طرف سے بارڈر کو سیل کر کے ہر قسم کی تجارت پر پابندی ہے مگر بدقسمتی سے کچھ عناصر اس غیر قانونی اور ناروا عمل میں برسرپیکار ہے جو کہ خاص کر کھیرے کی آڑ میں مختلف قیمتی اشیاء، آئی فون، منشیات سمیت دیگر چیزیں غیر قانونی طور پر پاکستان سمگل کر رہے ہیں اس طرح سمگلروں کیلئے کھیرا مفت پڑ جاتا ہے۔ کھیرے کی قیمت گرنے کی وجہ سے ٹنل فارمنگ کے شعبے سے وابستہ زمینداروں کا معاشی قتل عام ہو رہا ہے۔ ٹنل فارمنگ کے شعبے پر مہنگے ادویات، لیبر سمیت دیگر مدات میں کروڑوں روپے خرچ آتا ہے۔ ہم وزیراعلیٰ بلوچستان، وزیر داخلہ، چیف سیکرٹری، کلیکٹر کسٹم سمیت متعلقہ اداروں کے سربراہان سے اپیل کرتے ہیں کہ اس غیر قانونی عمل کی روک تھام کر کے بلوچستان کے متعلقہ زمینداروں کا معاشی قتل عام بند کر کے ٹنل فارمنگ کے زمینداروں کو مزید نقصان سے بچایا جائے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ روزانہ 25 مزدا کھیرے سے لوڈ مین بارڈر سے آتے ہیں جس کے تمام ثبوت ہمارے پاس موجود ہے۔

بقیہ 22

دومڑ، ملک احسان دومڑ، نظام الدین نظامی، حاجی عثمان ترین، حاجی ہارون پانیزئی، نظر میں کاکڑ، طوطی شاہ، جمعیت علمائے اسلام کے صوبائی اطلاعات سیکرٹری حاجی دلاور خان کاکڑ، ضلعی امیر مولوی نور الحق، صاحبزادہ محب اللہ، سردار صابر دومڑ، حاجی جمعہ خان دومڑ، حافظ کفایت اللہ، عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی کمیٹی ممبر عبدالمالک پانیزئی، مرکزی نائب صدر سردار فرید اللہ دومڑ، عبدالخالق دومڑ، ملک حاجی ظریف ترین، ملک امین پانیزئی، قبائلی و سیاسی رہنما سردار نجیب اللہ دومڑ، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری سید اکبر خان، احمد خان لونی، ڈاکٹر عبدالصمد پانیزئی، شاہ زمان خان، عبدالوہاب دومڑ، پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی رہنما سردار اکبر خان ترین، ڈویژنل کوآرڈینیٹر احمد جان سارنگزئی، ضلعی صدر نصیب اللہ کاکڑ، شرافت الدین دومڑ، جماعت اسلامی کے صوبائی نائب امیر مولوی عارف دومڑ، مولوی شریف دومڑ، انجمن تاجران سنجاوی کے صدر ملک جمعہ خان دومڑ، انجینئر کلیم اللہ دومڑ، شہداء شارگ کمیٹی کے رہنما عبدالوہاب کاکڑ، سید حسد شاہ، سید ناصر شاہ، دھرنہ کمیٹی کے زیارت کے رہنما جمیل احمد پشتون سردار عیسیٰ خان اور یار الدین کاکڑ سمیت مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد شامل تھے۔ مقررین نے اپنے خطاب میں کہا کہ سانحہ مانگی علاقے کی تاریخ کا نہایت افسوسناک اور انسانیت سوز واقعہ تھا، جس میں درجنوں نوجوان اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ ان کا کہنا تھا کہ شہداء نے انتہائی محدود وسائل اور پرانے اسلحے کے باوجود غیر معمولی بہادری کا مظاہرہ کیا اور آخری لمحے تک مزاحمت کی، تاہم بروقت مدد نہ پہنچنے کے باعث قیمتی جانیں ضائع ہوئیں۔ مقررین نے مطالبہ کیا کہ واقعے کے تمام ذمہ داروں کا غیر جانبدارانہ احتساب کیا جائے اور شہداء کے لواحقین کو انصاف فراہم کیا جائے۔ آل پارٹیز اور دھرنہ کمیٹی نے مشترکہ اعلامیے میں عزم کا اظہار کیا کہ شہداء کو انصاف دلائے بغیر احتجاج ختم نہیں کیا جائے گا۔ اعلامیے میں مطالبہ کیا گیا کہ سپریم کورٹ کے جج پر مشتمل ایک آزاد اور بااختیار جوڈیشل کمیشن قائم کر کے شفاف تحقیقات کرائی جائیں، ذمہ دار افسران کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے، صوبے میں امن کے قیام کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں، لیویز فورس کو دوبارہ بحال کر کے جدید خطوط پر استوار کیا جائے، ایف سی کے تمام چیک پوسٹوں کو ختم کر کے بغیر کسی فوجی آپریشن کے دہشت گردوں کا خاتمہ کیا جائے اور عوامی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے موجودہ سیکیورٹی پالیسی پر نظرثانی کی جائے۔ اعلامیے میں مزید کہا گیا کہ دھرنے کے مطالبات کی حمایت میں زیارت بازار مسلسل تین روز تک رضا کارانہ طور پر بند اور آج صوبہ بھر کی طرح زیارت میں بھی مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال اور کاروباری سرگرمیاں معطل رہی، جبکہ زیارت شہر میں ساتھ بڑی احتجاجی ریلیاں نکالی گئیں، جنہیں علاقے کی تاریخ کی بڑی عوامی احتجاجی سرگرمیوں میں شمار کیا جا رہا ہے۔ ان ریلیوں میں شہداء کے لیے انصاف، امن کے قیام اور عوامی حقوق کے حق میں بھرپور نعرے بازی کی گئی۔ دھرنہ کمیٹی نے واضح کیا کہ جب تک مطالبات پر عملی پیش رفت نہیں ہوتی، احتجاج اور دھرنا پرامن انداز میں جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 23

غم میں برابر کے شریک ہیں۔ وزیراعلیٰ نے سابق وفاقی وزیر زبیدہ جلال اور تمام اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم میر چنگیز خان کرد کی کامل مغفرت فرمائے، ان کے درجات بلند کرے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار خاندان کو یہ صدمہ صبر و استقامت کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے۔

بقیہ 24

لزامات اور گمراہ کن بیانیے کے ذریعے قوم کی توجہ ملک کو درپیش حقیقی مسائل سے نہیں ہٹائی جا سکتی۔ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن نے جن قومی، آئینی، سیاسی اور عوامی مسائل کی نشاندہی کی ہے ان پر سنجیدہ غور و فکر کی ضرورت ہے مگر افسوس کہ ان مسائل کے حل کی کوشش کرنے کے بجائے بعض حلقے منفی پروپیگنڈے اور کردار کشی کی مہم میں مصروف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمن کا مؤقف عوامی امنگوں کا ترجمان ہے جسے ملک کے باشعور عوام کی وسیع تائید حاصل ہو چکی ہے۔ ایسے میں چند مخصوص عناصر سے پریس کانفرنسیں کروا کر عوامی رائے کو تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔ قوم محض پروپیگنڈے سے نہیں بلکہ حقائق، دلائل اور عملی کارکردگی کی بنیاد پر فیصلے کرتی ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ اگر کسی کو قائد جمعیت کے مؤقف سے اختلاف ہے تو وہ مدلل انداز میں اپنا نقطہ ؟ نظر پیش کرے ارباب اختیار اصل مسائل سے توجہ ہٹانے کے بجائے اپنی پالیسیوں اور طرز عمل کا بھی غیر جانبدارانہ جائزہ لے۔ انہوں نے واضح کیا کہ جمعیت علماء اسلام ہر سطح پر عوامی حقوق اور قومی مفادات کے تحفظ کی جدوجہد جاری رکھے گی اور کسی بھی قسم کے منفی پروپیگنڈے سے نہ اس کے مؤقف میں تبدیلی آئے گی اور نہ ہی عوام کا اعتماد متزلزل کیا جا سکے گا۔

بقیہ 25

اظہار یکجہتی اور تعزیت ہمدردی کی۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر، سابق صوبائی وزیر زراعت و کوآرڈینیٹو بلوچستان اور صدر مملکت آصف علی زرداری کے ترجمان برائے بلوچستان میر علی حسن زہری کی ہدایت پر ضلع صدر پاکستان پیپلز پارٹی شریف پالاری، چیئرمین فشریز کوآپریٹو سوسائٹی بلوچستان و چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب گل حسن محمد حسنی، چیئرمین گڈانی جانشیر خان، تحصیلدار مقبول ساسولی، لائف گارڈ ٹیم، پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنان، میر علی حسن زہری کے ترجمان و پرسنل سیکرٹری منور علی خاصخیلی اور دیگر گزشتہ روز گڈانی کے ساحل پر ڈوب کر شہید ہونے والے بچے کے اہل خانہ سے اظہار یکجہتی اور تعزیت کے لیے پہنچے۔ اسی دوران شہید بچے کی لاش سمندر سے مل گئی، جس کے بعد تمام رہنما فوری طور پر ہسپتال پہنچ گئے، جہاں وہ ورثا کے ساتھ موجود رہے۔ ضروری کارروائی مکمل ہونے کے بعد میت ورثا کے حوالے کر دی گئی۔ بعد ازاں وفد نے شہید بچے کے اہل خانہ سے دلی تعزیت، ہمدردی اور اظہار افسوس کرتے ہوئے انہیں صبر و حوصلے کی تلقین کی۔ وفد نے اس موقع پر میر علی حسن زہری کا خصوصی تعزیتی پیغام بھی ورثا تک پہنچایا، جس میں انہوں نے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید بچے کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، درجات بلند فرمائے اور سوگوار خاندان کو یہ ناقابل تلافی صدمہ برداشت کرنے کی توفیق اور صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔ میر علی حسن زہری نے عوام سے اپیل کی کہ موجودہ موسمی حالات اور سمندر میں طغیانی کے باعث اپنی اور اپنے اہل خانہ کی حفاظت کو مقدم رکھیں اور ان دنوں غیر ضروری طور پر سمندر کا رخ کرنے سے گریز کریں انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ، لائف گارڈز، ریسکیو اداروں اور متعلقہ حکام کی جانب سے جاری حفاظتی ہدایات پر مکمل عمل کیا جائے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچا جا سکے۔ انہوں نے شہریوں سے ذمہ داری کا مظاہرہ کرنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ انسانی جان کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

بقیہ 26

رد کیا گیا ہے۔ جاری کردہ وضاحتی بیان میں کہا گیا ہے کہ اس طرح کی خبریں طلبہ و عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ خضدار پبلک لائبریری خالصتاً تعلیمی مقاصد کے لیے قائم کی گئی ہے۔ اس سے متعلق تجارتی نوعیت کے الفاظ کا استعمال بدنیتی اور غیر پیشہ ورانہ رویہ ہے۔ ایسے عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اسی طرح جو طلبہ لائبریری میں بدنظمی پیدا کرنے کی کوشش کریں گے ان کی رکنیت منسوخ کر دی جائے گی۔ کمشنر آفس کے مطابق لائبریریز مختلف تعلیمی سرگرمیوں کیلئے ہوتی ہیں جس میں اسٹڈی کے علاوہ ورکشاپس سیمینار کیریئر کاؤنسلنگ بک فیئرز کا انعقاد کیا جاتا ہے اسی وژن کے تحت خضدار کی پبلک لائبریری کو فعال بنایا جا رہا ہے۔ لائبریری کے نچلا حصہ مطالعے کے لیے مخصوص ہے جبکہ اوپر والے حصے میں تعلیمی کلاسز کا اضافہ کیا جا رہا ہے۔ لائبریری میں موجود چار بڑے کلاس رومز پچھلے چار سال سے غیر فعال تھے۔ کمشنر قلات ڈویژن نے ان کمروں کو دوبارہ فعال کر دیا ہے اور ان میں تقریباً 10 لاکھ روپے مالیت کے سمارٹ بورڈز نصب کیے جا رہے ہیں۔ تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کے لیے خضدار کے مقامی لیکچررز کو مدعو کیا گیا ہے جن میں گولڈ میڈلسٹ بھی شامل ہیں۔ ان کلاسز کا مقصد کمزور طلبہ کی علمی استعداد میں اضافہ کرنا ہے۔ کلاسز میں فزکس کیمسٹری، ایم ڈی کیٹ کی تیاری، آرٹیفیشل انٹیلیجنس اور مقابلے کے امتحانات جیسے موضوعات شامل ہوں گے۔ لیکچررز اپنی خدمات پیش کریں گے جس کی طلبا پر مناسب فیس ہوگی۔ جبکہ لائبریری میں موجود تمام بنیادی سہولیات طلبہ کو مفت فراہم کی جائیں گی۔ سمارٹ بورڈز کے ذریعے طلبہ کو کیریئر کاؤنسلنگ بھی دی جائے گی تاکہ وہ اپنے مستقبل کے لیے بہتر فیصلہ کر سکیں اگر ایک گھنٹے میں بھی کوئی طالبعلم کچھ نیا سیکھ لے تو یہ اس کے علمی سفر میں اضافے کا سبب بنے گا۔

بقیہ 27

اظہار انہوں نے کوئٹہ میں جے آئی یوتھ بلوچستان کے ایک روزہ ضلعی ذمہ داران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں بلوچستان بھر سے جے آئی یوتھ کے ضلعی ذمہ داران نے شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اس وقت بے روزگاری، بدامنی، مہنگائی، تعلیمی فیسوں میں مسلسل اضافے، مہنگے علاج، بارڈر بندش، تجارتی مشکلات، شاہراہوں اور انٹرنیٹ کی بندش، قتل و غارت گری اور دیگر سنگین مسائل سے دوچار ہے، جن کا سب سے زیادہ اثر نوجوان طبقے پر پڑ رہا ہے۔ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ نوجوانوں کو روزگار، معیاری تعلیم، صحت اور پرامن ماحول فراہم کرے، مگر بدقسمتی سے عوام بنیادی سہولیات سے بھی محروم ہیں۔ انجینئر عادل خان سلیمان خیل نے کہا کہ جے آئی یوتھ بلوچستان نوجوانوں کی مؤثر تنظیم سازی، فکری و اخلاقی تربیت اور عوامی مسائل کے حل کے لیے ہر سطح پر اپنا کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے ضلعی ذمہ داران پر زور دیا کہ وہ نوجوانوں کے درمیان رابطے بڑھائیں، تنظیم کو مزید فعال بنائیں اور خدمت، دیانت اور عوامی جدوجہد کے ذریعے نوجوان نسل کی صحیح رہنمائی کریں۔ اجلاس میں بلوچستان کی مجموعی سیاسی، سماجی اور معاشی صورتحال، تنظیمی امور، نوجوانوں کے کردار و ذمہ داری، مؤثر تنظیم سازی اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس کے شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ جے آئی یوتھ بلوچستان مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کی قیادت میں نوجوانوں کی آواز بن کر ان کے حقوق، مسائل کے حل اور ایک پرامن، خوشحال اور ترقی یافتہ بلوچستان کے لیے اپنی جدوجہد مزید مؤثر انداز میں جاری رکھے گی۔

بقیہ 28

ل کی گئی۔ جبکہ گاڑیوں کے کاغذات، روٹ پرمٹ، فٹنس سرٹیفکیٹ اور ڈرائیونگ لائسنس کا بھی معائنہ کیا گیا۔ کارروائی کے دوران اوور لوڈنگ اور ضروری کاغذات کی عدم موجودگی پر متعدد کوچ مالکان کو جرمانے کیے گئے۔ حکام نے بتایا کہ صوبائی حکومت کے احکامات پر صوبے بھر میں غیر قانونی طور پر مقیم افغان مہاجرین کے خلاف مسلسل کارروائیاں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں تمام ٹرانسپورٹرز کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ وہ غیر ملکیوں کو بغیر قانونی دستاویزات کے اپنی گاڑیوں میں سوار نہ کریں۔ اس کے علاوہ ٹرانسپورٹرز کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنی گاڑیوں کے کاغذات، پرمٹ اور فٹنس سرٹیفکیٹ لازمی ساتھ رکھیں۔ حکام نے مزید کہا کہ قومی شاہراہوں پر حادثات کی روک تھام کے لیے ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کے حوالے سے کسی قسم کی رعایت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 29

ک ہو گئے اور ملزم کی تلاش کے لیے مختلف مقامات پر کارروائیاں کی گئیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ملزم، جس کی شناخت اسامہ کے نام سے ہوئی ہے، کو جدید ٹیکنالوجی اور سیف سٹی اتھارٹی کے کیمروں کی مدد سے ٹریس کر کے گرفتار کیا گیا۔ پولیس نے اس کے قبضے سے اسلحہ بھی برآمد کر لیا ہے۔ پولیس کے مطابق ملزم کے زیر استعمال گاڑی کو بھی تحویل میں لے لیا گیا ہے اور اس کا فرانزک اور تکنیکی معائنہ کیا جا رہا ہے۔ تفتیشی حکام کا کہنا ہے کہ واقعے کی مختلف زاویوں سے تحقیقات جاری ہیں تاکہ یہ معلوم کیا جا سکے کہ فائرنگ کا مقصد کیا تھا اور آیا یہ محض ہوائی فائرنگ کا واقعہ تھا یا اس کے پس منظر میں کوئی اور محرک موجود تھا۔

بقیہ 30

اس تقریب کا انعقاد برہان مظفر وانی کی برسی کی مناسبت سے کیا گیا، جس کا مقصد طلبہ و نوجوانوں میں کشمیر کی تاریخ، ثقافت، جغرافیہ اور عصری امور سے متعلق علمی آگاہی، تحقیق اور تنقیدی سوچ کو فروغ دینا تھا۔ تقریب کی مہمان خصوصی سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی کوئٹہ کی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق تھیں۔ انہوں نے اپنے خطاب میں یوتھ فورم فار کشمیر کی اس تعلیمی کاوش کو سراہتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں میں علم، تحقیق اور مثبت مکالمے کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے، اور اس نوعیت کی علمی سرگرمیاں طلبہ کی فکری صلاحیتوں کو نکھارنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ تقریب میں پروفیسر منیر حسین خٹک (کوآرڈینیٹر و پروفیسر، یونیورسٹی لا کالج)، پروفیسر محسن قدوس (رجسٹرار، الحمد اسلامک یونیورسٹی)، ملک طاہر اعوان (ایگزیکٹو سیکرٹری، الحمد فاؤنڈیشن)، محترمہ فاریہ بتول (پرنسپل، اچیشن ہائی اسکول)، جناب نعیم شاہ زیارل (اینکر پرسن و میزبان)، محترمہ زنیرہ گل درانی (سینئر ٹرینر و پبلک اسپیکر) اور جناب عبدالرحمٰن خروٹی چیئرمین سوسائٹی ڈویلپمنٹ ایجوکیشنل کیمپ) نے بطور مہمانان اعزاز شرکت کی۔ علمی مقابلے میں کوئٹہ کے مختلف تعلیمی اداروں سے تقریباً 150 طلبہ و طالبات نے حصہ لیا۔ شرکاء نے کشمیر کی تاریخ، ثقافت، جغرافیہ، پاکستان اسٹڈیز، عصری و بین الاقوامی امور اور اقوام متحدہ کی کشمیر سے متعلق قراردادوں پر مبنی مختلف کوئز راؤنڈز میں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ مقابلے نے نوجوانوں میں علمی دلچسپی، تنقیدی سوچ، ٹیم ورک اور مثبت مسابقتی جذبے کو فروغ دیا۔ تقریب کے اختتام پر نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی ٹیموں میں ٹرافیاں، نقد انعامات اور اسناد تقسیم کی گئیں۔ یوتھ فورم فار کشمیر نے مہمان خصوصی، مہمانان اعزاز، الحمد اسلامک یونیورسٹی، شریک تعلیمی اداروں، رضا کاروں، میڈیا نمائندگان اور تمام شرکاء کا کامیاب انعقاد میں تعاون پر دلی شکریہ ادا کیا۔ یوتھ فورم فار کشمیر نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ نوجوانوں کی فکری، تعلیمی اور قائدانہ صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لیے مستقبل میں بھی اس نوعیت کی علمی و تربیتی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 31

کیا گیا، اس میں پارلیمانی سیکرٹری برائے ایس اینڈ جی اے ڈی و رکن صوبائی اسمبلی انجینئر عبدالمجید بادینی نے خصوصی شرکت کی۔ کھلی کچہری میں شہریوں نے تعلیم، صحت، انفراسٹرکچر، پینے کے پانی اور دیگر بنیادی مسائل سے متعلق زبانی و تحریری درخواستیں پیش کیں، جبکہ ڈپٹی کمشنر خالد خان نے متعدد شکایات موقع پر ہی متعلقہ محکموں کو حل کرنے کی ہدایت جاری کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انجینئر عبدالمجید بادینی اور ڈپٹی کمشنر خالد خان نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں موجودہ حکومت عوامی فلاح و بہبود کو اولین ترجیح دیتے ہوئے تعلیم، صحت اور ترقیاتی شعبوں میں مؤثر اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اسپیشل ڈیولپمنٹ انیشیٹو (BSDI) کے تحت ضلع جعفرآباد میں متعدد ترقیاتی منصوبے مکمل کیے جا چکے ہیں جبکہ کئی دیگر منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے، جن کی تکمیل سے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے اور ان کے مسائل میں نمایاں کمی لانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 32

کانفرنس روم افتتاح طبی تعلیم، تحقیق اور مریضوں کی بہتر نگہداشت کی جانب اہم پیش رفت بلوچستان ہیلتھ کارڈ پروگرام (BHCP) کے تعاون سے سینڈمین صوبائی اسپتال (SPH) کوئٹہ کے شعبہ امراض قلب) کارڈیالوجی (میں قائم کیے گئے جدید کانفرنس روم کا باوقار افتتاح کے موقع پر تقریب کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے بلوچستان ہیلتھ کارڈ پروگرام کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر احمد ولی، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سینڈمین صوبائی اسپتال ڈاکٹر عبدالہادی کبزئی، شعبہ کارڈیالوجی کے سربراہ پروفیسر ڈاکٹر جلال الدین اچکزئی، ڈاکٹر فضل الرحمان پانیزئی، ڈاکٹر ہاشم بڑیچ، مسٹر اشتیاق قریشی) فوکل پرسن، بلوچستان ہیلتھ کارڈ پروگرام، سینڈمین صوبائی اسپتال (ٹیکنیکل اراکین، ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور شعبے کے دیگر عملے نے شرکت کی۔ ڈاکٹر احمد ولی نے کہا کہ یہ جدید کانفرنس روم بلوچستان ہیلتھ کارڈ پروگرام کے ہسپتال مینٹیننس اینڈ ریپیئر شیئر کے تحت مختص فنڈز سے تعمیر کیا گیا ہے، جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ پروگرام نہ صرف مریضوں کو معیاری اور مفت علاج کی سہولت فراہم کر رہا ہے بلکہ ہسپتالوں کے بنیادی ڈھانچے، طبی تعلیم، پیشہ ورانہ تربیت اور تحقیقی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے بھی عملی اقدامات اٹھا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحت کے شعبے میں پائیدار ترقی کے لیے جدید طبی سہولیات کے ساتھ ساتھ ڈاکٹروں اور طبی عملے کی مسلسل پیشہ ورانہ تربیت ناگزیر ہے۔ اسی مقصد کے تحت قائم کیا گیا یہ کانفرنس روم شعبہ کارڈیالوجی میں تدریسی، تحقیقی اور پیشہ ورانہ سرگرمیوں کو مزید مؤثر اور منظم بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ ڈاکٹر عبدالہادی کبزئی نے کہا کہ جدید کانفرنس روم تعلیمی لیکچرز، سیمینارز، ورکشاپس، تربیتی سیشنز اور سائنسی کانفرنسوں کے انعقاد کے لیے ایک مستقل اور جدید پلیٹ فارم فراہم کرے گا۔ اس کے ذریعے مختلف شعبوں کے ماہرین کے مشترکہ اجلاس، پیچیدہ طبی کیسز پر شواہد پر مبنی مشاورت، جرنل کلبز، تحقیقی پریزنٹیشنز اور سائنسی مباحثوں کا انعقاد مزید مؤثر انداز میں ممکن ہوگا۔ پروفیسر ڈاکٹر جلال الدین اچکزئی نے مزید کہا کہ کانفرنس روم میڈیکل طلبہ، پوسٹ گریجویٹ ٹرینی ڈاکٹرز اور ہاؤس آفیسرز کے لیے جدید اور منظم تعلیمی ماحول فراہم کرے گا، جبکہ ڈاکٹروں کے درمیان مؤثر مشاورت اور بہتر کلینیکل فیصلہ سازی کے ذریعے مریضوں کے علاج کے معیار اور نتائج میں بھی نمایاں بہتری آئے گی۔ اس موقع پر بلوچستان ہیلتھ کارڈ پروگرام کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر احمد ولی نے کہا کہ بلوچستان ہیلتھ کارڈ پروگرام کا وژن صرف عوام کو علاج کی سہولیات فراہم کرنا نہیں بلکہ صوبے کے سرکاری ہسپتالوں میں طبی خدمات کے معیار، بنیادی ڈھانچے اور تدریسی ماحول کو بہتر بنانا بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتال مینٹیننس اینڈ ریپیئر فنڈز کا مؤثر استعمال صحت کے نظام کو مزید مضبوط اور جدید بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عبدالہادی کبزئی اور شعبہ کارڈیالوجی کے سربراہ پروفیسر ڈاکٹر جلال الدین اچکزئی نے بلوچستان ہیلتھ کارڈ پروگرام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اس جدید کانفرنس روم کے قیام سے شعبہ کارڈیالوجی میں تعلیمی، تحقیقی اور پیشہ ورانہ سرگرمیوں کو نئی جہت ملے گی، جس کا براہ راست فائدہ مریضوں کو بہتر طبی خدمات کی صورت میں حاصل ہوگا۔ تقریب کے اختتام پر بلوچستان ہیلتھ کارڈ پروگرام کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر احمد ولی، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عبدالہادی کبزئی اور پروفیسر ڈاکٹر جلال الدین اچکزئی نے مشترکہ طور پر فیتہ کاٹ کر کانفرنس روم کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ بعد ازاں ڈاکٹر احمد ولی نے افتتاح کی خوشی میں کیک بھی کاٹا۔ شرکا نے اس اقدام کو بلوچستان کے سرکاری ہسپتالوں میں طبی تعلیم، تحقیق، پیشہ ورانہ استعداد کار اور مریضوں کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کی جانب ایک اہم اور قابل ستائش پیش رفت قرار دیا۔

بقیہ 33

اللہ حقانی صوبائی مالیات سیکرٹری مولانا حافظ عبدالواحد ہاشمی نے کہا کہ حکمران نے مہنگائی اور پیٹرولیم مصنوعات کی ہوشربا اضافہ سے قوم کا خون نچوڑ رہا ہے عوام کو ایک اذیت ناک زندگی گزارنے پر مجبور کر دیا جابرانہ و ظالمانہ پالیسیاں قوم و ملک کے لیے تباہ کن سونامی ثابت ہوا ایک طرف پیٹرول مافیا پیٹرولیم مصنوعات میں آئے روز قیمتیں بڑھ رہی ہے دوسری طرف سے حکومت مہنگائی کی ستائی عوام پر پیٹرولیم مصنوعات پیٹرول اور ڈیزل پر 117 لیوی ڈال رہی ہے عوام شہباز حکومت کے ڈرامائی طرز دعووں سے عاجز آ چکی ہے صرف معاشی ترقی کی طفل تسلیوں سے قوم کو دھوکہ دے رہا ہے انہوں نے کہا کہ حکمران طبقہ کو اپنے مراعات اور پرتعیش زندگی گزارنے کا فکر ہے لیکن غریب عوام کی دو وقت کی روٹی کا فکر نہیں۔ مسلسل استحصالی پالیسیوں کی تسلسل سے قوم کی خون نچوڑا گیا قوم پر مسلسل مہنگائی کا بوجھ لادے جا رہے ہیں

بقیہ 34

رمین مارکیٹ کمیٹی میر محمد بلال عمرانی اور ہیپاٹائٹس پروگرام کے صوبائی کوآرڈینیٹر امیر جان بگٹی اس پروگرام کا افتتاح کریں گیا انہوں نے بتایا کہ محکمہ صحت نصیر آباد کے زیر نگرانی شروع ہونے والی اس مہم کے دوران 12 سال یا اس سے زائد عمر کے تمام افراد کی مفت اسکریننگ کی جائے گی جن افراد کا ابتدائی ٹیسٹ مثبت (پازیٹو) آئے گا ان کا پی سی آر ٹیسٹ بھی مفت کیا جائے گا اور تصدیق ہونے پر مریضوں کو مفت ادویات اور مکمل علاج فراہم کیا جائے گا ڈاکٹر ایاز احمد جمالی نے کہا کہ مہم کی کامیابی کے لیے محکمہ صحت کی خصوصی پچاس ٹیمیں تشکیل دی جا رہی ہیں جبکہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی سمیت ضلع بھر کے تمام رورل ہیلتھ سینٹرز (RHCs) میں اسکریننگ مراکز قائم کیے جائیں گے تاکہ عوام کو ان کی دہلیز پر بہترین اور بروقت طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں ہر تحصیل اور یونین کونسلز میں مختلف ٹیمیں جائیں گی جبکہ شہر میں لاؤڈ اسپیکر کے ذریعے اناؤنس کیا جائے گا پوسٹرز اور بینرز بھی لگائے جائیں گے انہوں نے کہا کہ یہ اہم پروگرام وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ صوبائی سیکرٹری صحت مجیب الرحمن پانیزئی اور ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز بلوچستان ڈاکٹر امین خان مندوخیل کے خصوصی تعاون سے ضلع نصیر آباد میں شروع کیا جا رہا ہے جس کا مقصد ہیپاٹائٹس سی (کالا یرقان) کے مرض کا مؤثر تدارک اور مکمل خاتمہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی جب ایف سی ہیڈ کوارٹر ڈیرہ مراد جمالی میں گرینڈ جرگے میں شرکت کے لیے آئے تو میر محمد بلال عمرانی نے ہیپاٹائٹس سی کے بارے میں آگاہ کیا تھا۔

بقیہ 35

اتحاد و اتفاق، تمام سیاسی و جمہوری جماعتوں کی یکجہتی، شہدا کے لواحقین کی ثابت قدمی اور صوبہ بھر کے عوام کی بھرپور شرکت و تعاون پر صوبہ بھر کے عوام کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ 6 جولائی کو مانگی فیز تھری، ضلع زیارت میں پیش آنے والے المناک دہشت گرد حملے میں 31 پولیس اہلکاروں کی شہادت پورے صوبے کے لیے ایک عظیم سانحہ اور ناقابل تلافی نقصان ہے۔ شہدا کے لواحقین نے انتہائی حوصلے، صبر، استقامت اور جرات کا مظاہرہ کرتے ہوئے شہدا کے جسد خاکی کو سانحہ زیارت شہدا چوک) کوئٹہ پھاٹک (منتقل کیے، جہاں انصاف، امن اور دہشت گردی کے خاتمے کے مطالبے کے لیے احتجاجی دھرنا دیا گیا، جو مسلسل دس روز تک جاری رہا۔ پریس ریلیز میں کہا گیا کہ اس احتجاجی دھرنے میں تمام سیاسی و جمہوری جماعتوں کے قائدین، وکلا، علما کرام، قبائلی عمائدین، سماجی کارکنوں، طلبہ، خواتین، نوجوانوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی۔ صوبے کے مختلف اضلاع میں احتجاجی مظاہرے، جلسے، جلوس اور ریلیاں منعقد ہوئیں، جبکہ بعد ازاں مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کے ذریعے عوام نے شہدا کے خاندانوں کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا۔ پارٹی نے کہا کہ یہ عوامی اتحاد اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ صوبہ کے عوام دہشت گردی، بدامنی اور لاقانونیت کے خلاف متحد ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ دہشت گردی، لاقانونیت اور عوام دشمن کارروائیوں کے خلاف عوام کے اس غیر معمولی اتحاد، شعور اور اجتماعی جدوجہد نے صوبے کی سیاسی تاریخ میں ایک نئی مثال قائم کی ہے۔ یہ تحریک صرف شہدا کے لیے انصاف کی آواز نہیں بلکہ پورے صوبے میں پائیدار امن، قانون کی بالادستی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کی اجتماعی جدوجہد کی علامت بن چکی ہے۔ پریس ریلیز میں 5 جولائی کو ہنہ اوڑک میں پیش آنے والے افسوسناک واقعے کا بھی ذکر کیا گیا، جس میں پانچ معصوم افراد کو شہید، چھ افراد کو زخمی اور گیارہ افراد کو اغوا کیا گیا۔ پارٹی نے اس سانحے کی بھی شدید مذمت کرتے ہوئے شہدا کے لواحقین، زخمیوں اور اغوا شدگان کے اہل خانہ کے ساتھ مکمل ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا اور مطالبہ کیا کہ تمام اغوا شدگان کو فوری اور بحفاظت بازیاب کرایا جائے۔ مرکزی سیکرٹریٹ کے مطابق سانحہ زیارت کے شہدا کے لواحقین، آل پارٹیز کی نمائندہ کمیٹی اور حکومت کے درمیان باقاعدہ تحریری معاہدہ طے پایا ہے، جس کے تحت ایک بااختیار جوڈیشل کمیشن قائم کیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ کمیشن کے ٹرمز آف ریفرنس (TORs) جامع، واضح اور مؤثر ہیں، جن کے ذریعے واقعے میں غفلت، لاپرواہی، انتظامی ناکامی اور ذمہ دار عناصر کا تعین کیا جائے گا۔ پارٹی نے امید ظاہر کی کہ کمیشن مکمل غیر جانبداری کے ساتھ تحقیقات کرے گا اور تمام ذمہ دار کرداروں کو قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دلانے میں اپنا کردار ادا کرے گا۔ بیان میں کہا گیا کہ پارٹی کے چیئرمین خوشحال خان کاکڑ، سینئر ڈپٹی چیئرمین رضا محمد رضا، سینئر سیکرٹری سید عبدالقادر آغا ایڈووکیٹ، مرکزی سیکرٹری اطلاعات محمد عیسیٰ روشان، صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے، صوبائی سیکرٹری اول فقیر خوشحال کاسی سمیت مرکزی، صوبائی، ضلعی اور علاقائی تنظیموں کے عہدیداروں اور ہزاروں کارکنوں نے صوبے بھر میں ہونے والے احتجاجی پروگراموں، جلسوں، جلوسوں، دھرنوں اور عوامی اجتماعات میں بھرپور شرکت کی اور شہدا کے خاندانوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔ پریس ریلیز میں مزید کہا گیا کہ پارٹی کے نمائندوں نے مذاکراتی عمل میں بھی انتہائی ذمہ دارانہ، مثبت اور مؤثر کردار ادا کیا، جس کے نتیجے میں حکومت، آل پارٹیز کی نمائندہ کمیٹی اور شہدا کے لواحقین کے درمیان اہم معاہدہ طے پایا۔

جمعیت (ف) کے امیر مولانا فضل الرحمن کے بیانات پر روزمرہ تنقید کرنے کا بازار گرم ہے

بھارت پاکستان کا ازلی دشمن ہے، جمعیت (س)

مولانا فضل الرحمن کی پارٹی محب وطن، ملک کے خلاف ہرگز کوئی قدم اٹھانے کا سوچ نہیں سکتے ہیں

قلعہ سیف اللہ (آن لائن) جمعیت (س) کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا محمد شفیق دولتزئی نے کہا ہے کہ بھارت پاکستان کا ازلی دشمن ہے اب ان ے ایجنٹس عناصر بھارت اسرائیل کی دوستی غلام کو کامیاب بنانے کیلئے معرکہ حق جو کہ پاکستان کی تاریخ کا روشن مثالی فتح تھا جن کی کامیابی کو دنا بھرنے تسلیم کیا تھا معرکہ حق نے بھارت کو عبرتناک تاریخی شکست دیکر وہ زندگی بھر یاد رکھیں گے۔ مگر اب بھارت اسرائیل (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

ینگ ڈاکٹرز کا تنظیمی معاملات میں مداخلت اور تقسیم کی کوششوں پر شدید ردعمل

ڈاکٹرز برادری کے اتحاد کو نقصان پہنچانے والوں کے خلاف آئینی وتنظیمی کارروائی کا اعلان

کوئٹہ (آن لائن) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے احتجاج کے مقابلے میں سیکرٹری ہیلتھ کے کہنے پر 8 ایسے عناصر کو تنظیم کے نام پر بٹھایا گیا جن کی ممبرشپ تنظیم پہلے ہی ختم کر چکی ہے۔ منفی سوچ کے حامل صدر پی ایم اے کے منافقانہ کردار کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ ترجمان نے کہا ہے کہ ایسے منافقانہ کردار سے ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان میں دراڑ پیدا نہیں کی جا سکتی۔ ایک جانب صدر پی ایم اے مختلف 4 مشترکہ اجلاسوں، جن میں پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن اور دیگر معزز پروفیسرز بھی موجود تھے، میں خود کو (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

سید حاجی عبدالحمید آغا انتقال کر گئے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے رکن سید سمیع اللہ آغا کے والد اور پارٹی کے سابق وفادار ومخلص ساتھی، سید حاجی عبدالحمید آغا انتقال کر گئے ہیں۔ مرحوم کو ان کے آبائی قبرستان تورخیل سیدان ضلع پشین میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ نماز (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

وزارتوں، مفادات کی سیاست سے قوم کو نہیں بچایا جا سکتا، مولانا ہدایت الرحمن

کنٹینر میں پڑے لاشیں قابل احترام لیکن اسمبلی میں پڑے لاشوں کے بارے بھی سوچنا چاہیے، رکن اسمبلی

اگر پارلیمانی سیاسی جماعتیں یہ عہد کریں کہ عوام کی حفاظت کیلئے اسمبلی سے استعفیٰ تک سے گریز نہیں کریں گے

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ وزارتوں، مفادات کی سیاست سے قوم کو نہیں بچایا جاسکتا۔ کنٹینر میں پڑے لاشیں قابل احترام لیکن اسمبلی میں پڑے لاشوں کے بارے بھی سوچنا چاہیے۔ اگر پارلیمانی سیاسی جماعتیں یہ عہد کریں کہ عوام کی حفاظت کیلئے اسمبلی سے استعفیٰ تک سے گریز نہیں کریں گے مفادات مراعات نہیں لیں گیا ور اسمبلی نہیں (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

کوئٹہ: آل بلوچستان ٹنل فارمنگ ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری فضل الرحمن دوتانی، عبدالرحمن نورزئی، حاجی محمد صدیق ترین اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

12 سال یا اس سے زائد عمر کے تمام افراد کی مفت اسکریننگ کی جائیگی، ڈاکٹر ایاز احمد جمالی

کالا یرقان) مکمل خاتمے کے تحت نصیر آباد میں 20 جولائی 2026 سے خصوصی مہم کا آغاز کیا جا رہا ہے

جس کا مقصد ہیپاٹائٹس سی (کالا یرقان) کے مرض کا مؤثر تدارک اور مکمل خاتمہ ہے

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نصیر آباد ڈاکٹر ایاز احمد جمالی نے کہا ہے کہ وزیراعظم پروگرام برائے ہیپاٹائٹس سی (کالا یرقان) کے مکمل خاتمے کے تحت ضلع نصیر آباد میں 20 جولائی 2026 سے خصوصی مہم کا آغاز کیا جا رہا ہے ضلع میں بارہ روز تک مہم جاری رہے گی ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریدر لعل پاکستان پیپلز پارٹی کے ڈویژنل صدر جتی (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

عوام کو ایک اذیت ناک زندگی گزارنے پر مجبور کر دیا، قاری مہراللہ

حکمران طبقہ کو اپنے مراعات اور پرتعیش زندگی گزارنے کا فکر ہے، مولانا محمود قاسمی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی کنونیئر مولانا قاری مہراللہ صوبائی ڈپٹی کنونیئر مولانا محمود الحسن قاسمی سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مولانا نیاز محمد مولانا خدائے نظر میر مبارک محمد حسنی سرپرست مولانا نعمت اللہ مولانا شاہ محمد مولانا رحمت (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

اس حوالے سے میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ نے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے اور یہ فیصلہ فوری طور پر نافذ العمل ہوگا

کوئٹہ کے تاریخی کوئلہ پھاٹک چوک کا نام تبدیل کر کے شہدا زیارت چوک رکھ دیا گیا

ان کے اہل خانہ کی عزت، تکریم اور فلاح وبہبود کیلئے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی اور ان کی بے مثال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائیگا

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان نے زیارت میں دہشت گردوں کے خلاف فرض کی ادائیگی کے دوران جام شہادت نوش کرنے والے پولیس کے بہادر جوانوں کی لازوال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے کوئٹہ کے تاریخی کوئلہ پھاٹک چوک کا نام تبدیل کر کے "شہدا زیارت چوک" رکھنے کا فیصلہ کیا ہے معاون وزیر اعلی بلوچستان برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند نے بتایا ہے کہ اس حوالے سے میٹر (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

پشتونخوا نیپ کا سانحہ زیارت کے کامیاب تاریخی احتجاجی دھرنے پر عوام الناس سے اظہار تشکر

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ سے جاری ہونے والے پریس ریلیز میں سانحہ زیارت کے حوالے سے جاری کامیاب عوامی اور تاریخی احتجاجی دھرنے کے باوقار اختتام اور ملی سانحے کے خلاف جاری احتجاجی دھرنے میں عوام کے تاریخی (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

بجلی کے کم وولٹیج اور بھاری بھر بلز پر فوری ریلیف دے، ستار چشتی

صارفین کو پچاس ہزار سے زیادہ بجلی بلز نے عوام کیسکون چھین لیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) محی الدین قلعہ جناح ٹاؤن تھانہ شاہی کاریز پائند خان روڈ کوئٹہ کلی برات وگردونواح کے علاقوں میں کم وولٹیج بجلی کی وجہ سے صارفین کیلاکھوں روپے کی فریج پنکھا سٹریزر ودیگر برقی آلات جلنے سے نقصانات ہوا ہے ان خیالات کا اظہار کا اظہار جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات حاجی سید عبدالستار شاہ چشتی نے علاقے کی عوامی وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا وفد نے بتایا کہ شدید گرمی میں بجلی کے کم وولٹیج کم زیادہ ہونے سے بہت سیکڑوں میں بجلی کیلاکھوں روپے کی واٹر پانی مشین فریج اسٹابلائزر پنکھے ودیگر آلات جل گئے جو قابل مذمت ہے (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

بلوچستان امن کیلئے ترس رہی ہے، جمعیت نظریاتی

افسوس ہے کہ وزیراعلی اور ڈی جی آئی ایس پی آر نے اپنے فورسز کی نماز جنازہ میں شرکت کی، مولانا قادر لونی

نام نہاد دہشت گردی کی آڑ میں حکمرانوں نے خیبرپختونخوا اور بلوچستان کو میدان جنگ بنایا ہے، خطاب

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام پاکستان نظریاتی کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی نے زیارت شہدا کی نماز جنازہ کے موقع پر کہا کہ افسوس ہے کہ وزیراعلی اور ڈی جی آئی ایس پی آر نے اپنے فورسز کی نماز جنازہ میں شرکت کی۔ ریاست پر جان قربان کیا۔ ریاست کے ذمہ داران جنازے میں شرکت تک گوارا نہ کیا۔ لواحقین کے ساتھ اظہار ہمدردی نہ صرف اخلاقی اور سماجی فریضہ تھا بلکہ انسانی ہمدردی کا بنیادی تقاضا تھا (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

کوئٹہ، صوبائی حکومت کے احکامات پر پی ٹی اے اور موٹروے پولیس پر مشتمل ٹیم غیر قانونی مقیم افراد کے خلاف طور ناصر کراس پر کارروائی کر رہی ہے

بدقسمتی سے عوام بنیادی سہولیات سے بھی محروم ہیں، عادل خان سلیمان خیل

ملک وقوم کی خدمت کیلئے متحرک کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، بات چیت

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی بلوچستان کے معاون جے آئی یوتھ انجینئر عادل خان سلیمان خیل نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو درپیش مسائل کے حل، مثبت قیادت کی تیاری اور نوجوانوں کو منظم کر کے انہیں ملک وقوم کی خدمت کے لیے متحرک کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ مولانا ہدایت الرحمان کی قیادت میں جماعت اسلامی نوجوانوں کو مایوسی کے بجائے امید، کردار، شعور، تعلیم اور خدمت کا راستہ دکھا رہی ہے۔ ان خیالات کا (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

آر ٹی اے اور موٹر وے پولیس پر مشتمل ٹیم نے طور ناصر کراس پر کارروائی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی حکومت کے احکامات کی روشنی میں، سیکرٹری ٹرانسپورٹ بلوچستان محمد حیات کاکڑ کی ہدایت اور سیکرٹری پی ٹی اے بلوچستان وحید شریف عمرانی کی نگرانی میں پروونشل ٹرانسپورٹ اتھارٹی اور موٹر وے پولیس پر مشتمل ٹیم نے طور ناصر کراس پر کارروائی کی۔ کارروائی کا مقصد افغان مہاجرین اور غیر قانونی تارکین وطن کے خلاف اقدامات کے ساتھ ساتھ لانگ روٹ کوچز اور بسوں کی چیکنگ تھا۔ اس موقع پر مسافروں کے ڈیٹا اور ریکارڈ کی جانچ پڑتا (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

لائبریری کے حوالے سے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والے بیان کو من گھڑت اور حقائق کے منافی ہے، کمشنر قلات

خضدار (خ ن) کمشنر قلات ڈویژن آفس کے جاری کردہ بیان کے مطابق لائبریری کے حوالے سے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والے بیان کو من گھڑت اور حقائق کے منافی قرا (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

میر علی حسن زہری کا گڈانی ساحل سمندر میں ڈوب کر شہید ہونے والے بچے کے اہل خانہ سے اظہار یکجہتی

حب (آن لائن) میر علی حسن زہری کی ہدایت پر پیپلز پارٹی رہنماں کا حب شہر کے ساحلی علاقہ گڈانی ساحل سمندر میں ڈوب کر شہید ہونے والے بچے کے اہل خانہ سے (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

وفاقی وزیر عطا تارڑ کی گاڑی قریب مبینہ ہوائی فائرنگ، ملزم گرفتار

سیف سٹی کیمروں کی مدد سے ملزم گرفتار، فائرنگ کے محرکات کی مختلف پہلوؤں سے چھان بین

جب ایک کار سوار نوجوان نے وفاقی وزیر کی گاڑی کو اوورٹیک کیا اور مبینہ طور پر ہوائی فائرنگ کی

لاہور (آن لائن) لاہور کے علاقے ڈیفنس اے میں وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ کی گاڑی کے قریب مبینہ ہوائی فائرنگ کا واقعہ پیش آیا، جس کے بعد پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ایک ملزم کو اسلحے سمیت گرفتار کر لیا۔ پولیس نے ملزم کی گاڑی بھی تحویل میں لے کر واقعے کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق واقعہ گزشتہ رات اس وقت پیش آیا جب ایک کار سوار نوجوان نے وفاقی وزیر کی گاڑی کو اوورٹیک کیا اور مبینہ طور پر ہوائی فائرنگ کی۔ اطلاع ملتے ہی پولیس اور دیگر سیکیورٹی ادارے متحر (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

اردن میں ایرانی حملوں میں متعدد امریکی ہیلی کاپٹرز کو نقصان پہنچا، امریکی اخبار

اردن میں امریکی اڈوں پر ایرانی حملوں کے نتیجے میں درجنوں امریکی فوجی زخمی ہوئے، رپورٹ

سٹاک ہوم (آن لائن) اردن میں ایرانی حملوں میں کئی امریکی ہیلی کاپٹروں کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ نیویارک ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق اردن میں امریکی اڈوں پر ایرانی حملوں کے نتیجے میں درجنوں امریکی فوجی زخمی اور بڑی تعداد میں ہیلی کاپٹروں کو نقصان پہنچا۔ رپورٹ کے مطابق اتنے بڑے پیمانے پر ایرانی حملوں میں امریکی فوجی تنصیبات کو پہنچنے والے (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

سینڈمین صوبائی اسپتال کوئٹہ میں شعبہ امراض قلب کا جدید کانفرنس روم افتتاح

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ہیلتھ کارڈ پروگرام کے تعاون سے سینڈمین صوبائی اسپتال کوئٹہ میں شعبہ امراض قلب کا جدید (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

کینیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند آج پاکستان پہنچیں گی، اسحاق ڈار سے اہم ملاقاتیں متوقع

تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم، دوطرفہ تعلقات اور علاقائی و عالمی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوگا

اسلام آباد (آن لائن) ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی نے کہا ہے کہ کینیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند نائب وزیراعظم ووزیر خارجہ اسحاق ڈار کی دعوت پر آج پاکستان کا سرکاری دورہ کریں گی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق وزیر خارجہ کا منصب سنبھالنے کے بعد انیتا آنند کا پاکستان کا یہ پہلا سرکاری دورہ ہوگا، جس کے دوران نائب وزیراعظم ووزیر خارجہ اسحاق ڈار کے ساتھ پاک۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

عوامی مسائل کے حل اور سرکاری سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے کھلی کچہری کا انعقاد

جعفرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی کاوشوں سے گوٹھ حاجی خان کھوسہ میں عوامی مسائل کے حل اور سرکاری سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے کھلی کچہری کا انعقاد (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

آج کے حالات کو دیکھا جائے تو مسلح گروہوں کو طاقت سے کچلنے میں ہی قومی مفاد ہے، میاں جاوید لطیف

ریاست کے مفاد میں ہرگز نہیں ہے کہ صرف مسلح گروہوں کو کچلا جائے ان کو پالنے والوں کو سیف ہاؤسز میں رکھا جائے

مانانوالہ (آن لائن) سابق وفاقی وزیر و پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما میاں جاوید لطیف نے کہا ہے کہ نیشنل لیڈرز یا نیشنل جماعتوں کو علاقائی گروہ کے ذریعے کمزور کرنے والے سب سے پہلے ریاست کے مجرم ہیں۔ آج کے حالات کو دیکھا جائے تو مسلح گروہوں کو طاقت سے کچلنے میں ہی قومی مفاد ہے، مگر یہ بھی ریاست کے مفاد میں ہرگز نہیں ہے کہ صرف مسلح (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

یوتھ فورم فار کشمیر کے زیر اہتمام "کشمیر: تاریخ، ثقافت اور عصری امور" پر علمی کوئز مقابلہ

کوئٹہ (آن لائن) یوتھ فورم فار کشمیر (YFK) کے کوئٹہ ریجنل آفس کے زیر اہتمام الحمد اسلامک یونیورسٹی، کوئٹہ میں "کشمیر: تاریخ، ثقافت اور عصری امور" کے موضوع پر ایک علمی کوئز مقابلہ کامیابی کے ساتھ منعقد کیا گیا۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

منفی پروپیگنڈے بے بنیاد الزامات اور گمراہ کن بیانیے کے ذریعے قوم کی توجہ ملک کو درپیش حقیقی مسائل سے نہیں ہٹائی جا سکتی

مولانا فضل الرحمن کا موقف عوامی امنگوں کا ترجمان ہے، جمعیت (ف)

قائد جمعیت نے جن قومی، آئینی، سیاسی اور عوامی مسائل کی نشاندہی کی ہے ان پر سنجیدہ غور وفکر کی ضرورت ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان بادیزئی، مولانا محمد شعیب جدون، رحیم الدین ایڈووکیٹ، مولانا محمد عارف شمشیر اور دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ منفی پروپیگنڈے بے بنیاد (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

کوئٹہ، یوتھ فورم فار کشمیر کے کوئٹہ ریجنل کے زیر اہتمام الحمد اسلامک یونیورسٹی میں کشمیری ثقافت اور عصری امور کے موضوع پر علمی کوئز مقابلوں کی تقریب سے سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق، شیر احمد اور دیگر مقررین خطاب کر رہے ہیں

میر سرفراز بگٹی کا سابق وفاقی وزیر محترمہ زبیدہ جلال کے شوہر میر چنگیز خان گرد کے انتقال پر اظہار افسوس

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سابق وفاقی وزیر محترمہ زبیدہ جلال کے شوہر میر چنگیز خان گرد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے تعزیتی پیغام میں وزیراعلی نے مرحوم کے انتقال کو ایک بڑا سانحہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ وہ سوگوار خاندان کے (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

کوئٹہ: سید عطاء اللہ شاہ بخاری تنظیم اصلاح الفقراء وسادات حسینیہ نقشبندیہ کے زیر اہتمام عظمت مصطفیٰ (ص) وشان اہلبیت کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

کرخ میں بجلی کی بندش کو تقریبا ایک سال مکمل ہونے کے باوجود تاحال بجلی بحال نہ ہو سکی

خضدار (آن لائن) کرخ میں بجلی کی بندش کو تقریبا ایک سال مکمل ہونے والا ہے، مگر تاحال بجلی بحال نہ ہو سکی۔ مقامی نوجوانوں اور عوامی حلقوں نے حکومتی و اپوزیشن نمائندوں کی کارکردگی پر شدید سوالات اٹھاتے ہوئے کہا ہے کہ محض ایک سے ڈیڑھ کروڑ روپے کے منصوبے (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

پاکستان کو فوری طور پر موسمیاتی موافق زراعت اپنانا ہوگی، ترجمان موسمیاتی پالیسی ماہر

موسمیاتی تبدیلی پاکستان کی غذائی سلامتی کیلئے بڑا خطرہ، گندم اور چاول کی پیداوار متاثر ہونے کا خدشہ

اسلام آباد (آن لائن) موسمیاتی تبدیلی کے بڑھتے ہوئے اثرات پاکستان کی غذائی سلامتی کے لیے سنگین خطرہ بنتے جا رہے ہیں۔ ماہرین کے مطابق درجہ حرارت میں مسلسل (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

نسیم خان، ستار شاہین آرچری کلب کے صدر منتخب ہو گئے

عامر خان کلب کے جنرل سیکرٹری اور خازن محمود خان سیکرٹری فنانس منتخب

کوئٹہ (آن لائن) نسیم خان، ستار شاہین آرچری کلب کے صدر منتخب ہو گئے۔ عامر خان کلب کے جنرل سیکرٹری اور خازن محمود خان سیکرٹری فنانس منتخب ستار شاہین آرچری کلب کوئٹہ کے انتخابات سترہ جولائی 2026 کو ستار شاہین آرچری کلب کوئٹہ میں ڈسٹرکٹ سپورٹس آفس کوئٹہ، بلوچستان آرچری ایسوسی ایشن اور ضلع کوئٹہ آرچری ایسوسی ایشن کی زیر نگرانی منعقد ہوئے۔ جنرل کونسل کے اجلاس میں ستار شاہین آرچری کلب کے تمام ممبران نے شرکت کی۔ محب وطن پینل کی جانب سے نسیم خان نے صدر، عامر خان نے جنرل سیکرٹری اور محمود خان (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

گڈانی ساحل پر لاپتہ پانچویں بچے کی لاش سونمیانی بیچ سے برآمد، سرچ آپریشن مکمل

حب انتظامیہ کی ساحلی علاقوں سے دور رہنے کی اپیل، والدین کو بچوں کی حفاظت یقینی بنانے کی ہدایت

حب (آن لائن) حب شہر رند مارکیٹ رہائشی کے فیملی پکنک منانے کیلئے ساحلی سمندر گڈانی نہاتے ہوئے انکے پانچ بچے ڈوب گئے تھے اطلاع ملتے ہی انتظامیہ، پاک فوج، پاک نیوی، لائف گارڈ، مقامی پولیس بروقت موقع پر پہنچ کر جن میں سے چار بچوں کو ٹیم بیہوشی حالت میں بروقت کارروائی کرتے ہوئے بحفاظت بچالیا ہے جبکہ ایک پانچ وا بچہ ابوبکر نامی تاحال لاپتہ تھا انہیں ڈھونڈنے کیلئے مزید ریسکیو آپریشن تیز کر دی گئی تھی ابوبکر بچے کی لاش سونمیانی بیچ (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

وفاقی حکومت کی ہیرا کونسل آف کمپلیکس اسلام آباد اور بلوچستان میں چیئرپرسنز وممبران کی دوبارہ تعیناتی کی منظوری

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی حکومت نے ہیرا کونسل آف کمپلیکس اسلام آباد اور بلوچستان کے چیئرپرسنز اور پانچ ممبران کی دوبارہ تعیناتی کی منظوری دے دی ہے۔ ذرائع کے مطابق اسلام آباد اور بلوچستان کی ہیرا کونسل آف کمپلیکس کے چیئرپرسنز اور ممبران کی (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

زمینوں پر قبضے کی کوشش، پولیس کے ذریعے بار بار گرفتاری اور دہشت گرد ظاہر کرنے کا الزام، اصغر خان مری کی پریس کانفرنس

کوہلو (آن لائن) اصغر خان ولد بھا گیا محمد خان لوہارانی مری نے کہا ہے کہ وائس چیئرمین غازی مری مبینہ طور پر ان کی زمینوں پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں، جبکہ انہیں پولیس کے ذریعے بار بار گرفتار کرایا جا رہا ہے اور مبینہ طور پر دہشت گرد ظاہر کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ انہوں نے (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

زیارت، شٹر ڈاؤن ہڑتال احتجاجی ریلی دھرنے کے گیارہ روز مکمل

رہنماؤں کی اظہار یکجہتی، مطالبات کی منظوری تک احتجاج جاری رکھنے کا اعلان

زیارت (آن لائن) زیارت سانحہ مانگی کے شہداء کے لواحقین اور دھرنہ کمیٹی کی جانب سے ڈپٹی کمشنر آفس کے سامنے جاری احتجاجی دھرنے کو گیارہ روز مکمل ہو گئے۔ اس موقع پر مختلف سیاسی جماعتوں، سماجی تنظیموں، قبائلی عمائدین، تاجر رہنماؤں اور عوامی نمائندوں نے دھرنے میں شرکت کر کے شہداء کے لواحقین سے اظہار تعزیت، ہمدردی اور مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔ دھرنے میں شرکت کرنے والوں میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کی صوبائی نائب صدر روزانگہ لونی، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری سردار حبیب الرحمن دومڑ، عبداللطیف دومڑ، نور محمد پانیزئی، محمد دین کاکڑ، حاجی علی جان (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

حکومت کی طرف سے بارڈر کو سیل کر کے ہر قسم کی تجارت پر پابندی ہے، فضل الرحمن دوتانی

افغانستان سے بارڈر بند ہونے کے باوجود غیر قانونی کھیرے کی سمگلنگ کا سلسلہ بند کیا جائے

کوئٹہ (آن لائن) آل بلوچستان ٹنل فارمنگ ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری فضل الرحمن دوتانی، عبدالرحمن نورزئی اور حاجی محمد صدیق ترین نے کہا ہے کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان بارڈرز تجارت کم وبیش ایک سال سے بند ہونے کے باعث افغانستان سے غیر قانونی، غیر کسٹم شدہ کھیرا اور اس کی آڑ میں مختلف اقسام کی سمگلنگ جاری ہے جس کی وجہ سے کھیرے کی قیمت گرنے سے بلوچستان کے ٹنل فارمنگ کے شعبے سے وابستہ زمینداروں کو کروڑوں روپے نقصان کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ہم حکام بالا سے مطالبہ کرتے ہیں کہ غیر قانونی عمل کی روک (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

سانحے کے بعد تمام سیاسی جماعتوں نے اختلافات سے بالاتر ہو کر جس اتحاد یکجہتی اور ذمہ داری کا مظاہرہ کیا وہ قابل تحسین ہے

پرامن دھرنے کے منتظمین اور ورثا کی صبر واستقامت بے مثال ہے، اے این پی

شہدا زیارت جیسے اندوہناک اور دل خراش واقعات نہ صرف متاثرہ خاندانوں بلکہ پوری قوم کیلئے ناقابل تلافی نقصان کا باعث بنتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں کہا گیا ہے کہ شہدا زیارت جیسے اندوہناک اور دل خراش واقعات نہ صرف متاثرہ خاندانوں بلکہ پوری قوم کے لیے ناقابل تلافی نقصان کا باعث بنتے ہیں ریاست دہشت گردی مسلح جتھوں اور دہشت اسکواڈز کے مکمل خاتمے کے لیے موثر اور عملی اقدامات سے اگر گریزاں ہے تو اس کے انتہائی خطرناک نتائج برآمد ہوں گے پرامن دھرنے کے منتظمین اور ورثا کی صبر (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

محسن گیلانی کی یو این فورم ون ورلڈ، ون گیم ون گول میں شرکت

اقوام متحدہ میں پاکستان کے فٹبال فار مینٹل ہیلتھ اقدام کی بھرپور پذیرائی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان فٹبال فیڈریشن کے صدر سید محسن گیلانی کی اقوام متحدہ کے عالمی فورم ون ورلڈ، ون گیم ون گول میں شرکت، یو این عالمی فورم پر پاکستان کے فٹبال فار مینٹل ہیلتھ اقدام کو بھرپور پذیرائی ملی۔ فٹبال فار مینٹل ہیلتھ اقوام متحدہ یوتھ آفس کا منصوبہ ہے۔ اس فورم میں برازیل، انڈونیشیا، نائیجیریا، انگلینڈ اور پاکستان کے نمائندوں نے شرکت (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

پائیدار مقامی سپلائر نیٹ ورک کی تشکیل کیلئے کمپنی کی حکمت عملی کا حصہ ہے، [illegible]

دالبندین (آن لائن) ریکوڈک مائننگ کمپنی (آر ڈی ایم سی) نے مقامی کاروباری اداروں کی استعداد بڑھانے اور انہیں ریکوڈک منصوبے سے وابستہ خریداری کے مواقع سے بہتر انداز میں فائدہ اٹھانے کے قابل بنانے کے لیے نوکنڈی میں وینڈرز کیپسٹی بلڈنگ پروگرام کا پہلا مرحلہ مکمل کر لیا۔ کمپنی کے جاری کردہ ایک بیان کے مطابق منصوبے کے ترجیحی (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

اعلی عدلیہ کا خواتین کیلئے انصاف کی فراہمی میں آسانی کیلئے اہم قدم

اسلام آباد (آن لائن) اعلی عدلیہ نے خواتین کیلئے انصاف کی فراہمی میں آسانی کیلئے اہم قدم اٹھاتے ہوئے خواتین کیلئے خصوصی سہولت مراکز قائم کرنے کا بڑا فیصلہ کیا ہے۔ اس منصوبے کے ڈیزائن کا مقابلہ کرایا گیا جو جیتنے والے کو آج پیر کو چیف جسٹس خصوصی تقریب میں ایوارڈ دیں گے۔ خواتین سہولت مراکز ملک بھر کے ڈویژنل جوڈیشل کمپلیکس میں قائم کیے جائیں گے۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں قومی عدالتی پالیسی ساز کمیٹی نے خواتین سنٹرز بنانے کا فیصلہ کیا۔ خواتین سہو (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

کوئٹہ، یوتھ فورم فار کشمیر کے کوئٹہ ریجنل کے زیر اہتمام الحمد اسلامک یونیورسٹی میں کشمیری ثقافت اور عصری امور کے موضوع پر علمی کوئز مقابلوں کی تقریب کے موقع پر سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق طلباء وطالبات میں انعامات تقسیم کر رہی ہیں

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی صدارت اجلاس

پولیو کا مکمل خاتمہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، خطاب

کوریج کم رہی یا ریفوزل اور مس شدہ بچوں کے کیسز سامنے آئے ہیں

کوئٹہ (خ ن) فریکشنل آئی پی وی fIPV انسداد پولیو مہم کے چھٹے روز کا ایوننگ ریویو اجلاس ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں نیشنل ای او سی، محکمہ صحت، ڈبلیو ایچ او، یونیسیف، ضلعی انتظامیہ، ڈسٹرکٹ مانیٹرز اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع بھر میں جاری پولیو مہم کی مجموعی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ ہیومن ریسورس (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

فٹبال ورلڈ کپ، تیسری پوزیشن کے میچ میں انگلینڈ کی فرانس کو شکست

میامی (آن لائن) فٹبال ورلڈ کپ میں تیسری پوزیشن کے سنسنی خیز میچ میں انگلینڈ نے فرانس کو 4 کے مقابلے میں 6 گول سے ہرا دیا۔ میامی میں میگا ایونٹ کے تیسری پوزیشن کے میچ میں انگلش ٹیم کپتان ہیری کین سمیت 7 تبدیلیوں کے ساتھ میدان میں اتری۔ کھیل کا آغاز ہوا (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

طالبان رجیم میں افغان معیشت تباہی کا شکار، عوام بدترین معاشی بحران سے دوچار

بڑھتی مہنگائی، بے روزگاری اور سرمایہ کاری کے فقدان نے عوام کی مشکلات بڑھا دیں، رپورٹ

کابل (آن لائن) طالبان رجیم میں افغان معیشت تباہی کا شکار، عوام بدترین معاشی بحران سے دوچار ہو کر رہ گئے ہیں۔ طالبان رجیم کی ناقص اقتصادی پالیسیوں کے باعث افغانستان کا معاشی بحران ہر گزرتے دن کے ساتھ ابتر ہونے لگا۔ قابض طالبان رجیم کے 5 سالہ ترقیاتی حکمت عملی ناکام، معاشی کامیابیوں کے بلند و بانگ دعوے زمینی حقیقت سے کوسوں دور ہو گئے ہیں۔ امریکی تعاون سے چلنے والا معروف بین الاقوامی میڈیا نیٹ ورک ریڈیو فری یورپ، ریڈیو لبرٹی کی رپورٹ کے مطابق طالبان رجیم میں افغان معیشت تباہی (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

سیکرٹری آر ٹی اے کا گزشتہ روز پیش آنے والے واقعے کا فوری نوٹس

کوئٹہ (خ ن) صوبائی سیکرٹری ٹرانسپورٹ بلوچستان محمد حیات کاکڑ اور سیکرٹری پروونشل ٹرانسپورٹ اتھارٹی بلوچستان وحید شریف کی ہدایت پر گزشتہ روز پیش آنے والے واقعے کا فوری نوٹس لیا گیا۔ واقعہ اس وقت پیش آیا جب الصبیب کوچ کمپنی کی ایک بس نے مسافروں کو ان کی مقررہ منزل کراچی پہنچانے (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

کوئٹہ، تنظیم اصلاح المفتقراء حسینیہ نقشبندیہ مجددیہ کوئٹہ کے زیر اہتمام عظمت مصطفیٰ وشان اہلبیت کانفرنس سے سید عطاء اللہ شاہ بخاری، نصر اللہ شاہ بخاری، سید ثناء اللہ شاہ بخاری خطاب کر رہے ہیں علامہ مختار احمد حبیبی، قاری نور محمد، سید حبیب اللہ شاہ چشتی، مفتی محمد جان قاسمی، سیف الرحمن تارن، ذوالفقار طارقی، مولانا عاقل بارودی اور دیگر علماء کرام شریک ہیں

چیف ایڈیٹر وپبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون، فیکس: 2824878 موبائل نمبر 03337867133 ای میل: twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com